ہمیں فخر ہے کہ پاکستان مختلف عقائد اور ثقافتوں کا خوبصورت امتزاج ہے، وزیراعظم شہباز شریف

لاہور (یو این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایسٹر کے تہوار پر پاکستان اور دنیا بھر کی مسیحی برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر کا دن ہمیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے (بقیہ 1 صفحہ 4)

خواجہ سراؤں کو ٹیکنیکل تعلیم دے کر باعزت روزگار کے قابل بنایا جائیگا، گورنر حاجی غلام علی

پشاور (بیورو نیوز) گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی نے کہا ہے کہ خواجہ سراؤں کو ٹیکنیکل تعلیم دے کر باعزت روزگار کے قابل بنایا جائیگا، صحت و تعلیم ان کا بھی بنیادی حق ہے، خواجہ سراؤں میں اعلیٰ تعلیم یافتہ (بقیہ 2 صفحہ 4)

دنیا بھر میں 78 کروڑ 30 لاکھ افراد بھوک کا شکار، ایک ارب ٹن سے زیادہ خوراک ضائع ہو رہی ہے، اقوام متحدہ

اسلام آباد (یو این پی) دنیا بھر میں ایک طرف 78 کروڑ 30 لاکھ افراد بھوک کا شکار ہیں، جبکہ دوسری جانب عالمی سطح پر 20 فیصد خوراک ضائع کی گئی، اقوام متحدہ کی رپورٹ میں "یو این ای پی" کے تازہ اعداد (بقیہ 3 صفحہ 4)

میرے بیٹے سے رقم چھیننے والے رہزن جلد از جلد گرفتار کیے جائیں، علی رحمان

[illegible] (نامہ نگار) میرے بیٹے سے رقم چھیننے والے رہزن تاحال گرفتار نہ ہو سکے۔ [illegible] رہزن جلد از جلد گرفتار ہو جائے [illegible] ایک ہفتہ سے گزرنے کے باوجود (بقیہ 4 صفحہ 4)

Member CPNE A.B.C CERTIFIED Registration No.887
THE DAILY SHAMAL SWAT KPK PAKISTAN (مسلسل اشاعت کے 32 سال)
روزنامہ
شمال
سوات
چیف ایڈیٹر و پبلشر
غلام فاروق
ایڈیٹر
جمعہ رحمان افگار
Www.dailyshamalswat.com
Email: thedailyshamalswat@gmail.com
جلد نمبر 32 | پیر 01 اپریل 2024ء بمطابق 21 رمضان المبارک 1445ھ | شمارہ نمبر 092
فون نمبر: 0946-711788-713700 / فیکس نمبر: 0946-700452 | صفحات 6 قیمت 12 روپے

وفاق نے چیف سیکرٹری کو ہٹایا تو دیگر آپشنز بھی موجود ہیں، وزیر قانون خیبر پختونخوا آفتاب عالم

9 اور 10 مئی واقعات کی جوڈیشل انکوائری کیلئے مشاورت شروع کرلی ہے، 9 اور 10 مئی واقعات سے متعلق جوڈیشل انکوائری سے متعلق لیڈرشپ کیساتھ بیٹھ کر اجتماعی فیصلہ کرینگے

پہلے مرحلے میں پی ٹی آئی رہنماؤں پر درج جعلی ایف آئی آرز ختم کی جائیں گی جبکہ دوسرے مرحلے میں جعلی ایف آئی آر درج کرنیوالے پولیس آفیسرز پر مقدمات درج کرینگے، وزیر قانون خیبر پختونخواہ

پشاور (اے ایف پی) وزیر قانون خیبر پختونخوا آفتاب عالم نے کہا ہے کہ وفاق نے چیف سیکرٹری کو نہیں ہٹایا تو دیگر آپشنز بھی موجود ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر قانون آفتاب عالم نے کہا کہ 9 اور 10 مئی واقعات کی جوڈیشل انکوائری کیلئے مشاورت شروع کرلی ہے، 9 اور 10 مئی واقعات سے متعلق جوڈیشل انکوائری سے متعلق لیڈرشپ کے ساتھ بیٹھ کر اجتماعی فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں پی ٹی آئی رہنماؤں پر درج جعلی ایف آئی آرز ختم کی جائیں گی جبکہ دوسرے مرحلے میں جعلی ایف آئی آر درج کرنے والے پولیس آفیسرز پر مقدمات درج کریں گے۔ آفتاب عالم نے کہا کہ ہمارے خلاف تھری ایم پی او اور دفعہ 144 غلط استعمال کی گئی، اب نہیں چاہتے کہ مستقبل میں اس قانون کا مزید غلط استعمال ہو، اس لیے تھری ایم پی او اور 144 کے قانون (بقیہ 5 صفحہ 4)

پشاور: وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کا صوبے میں بارش وژالہ باری سے نقصان پر اظہار افسوس

وزیراعلیٰ کی تمام اضلاع میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات کی تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

پشاور (بیورو نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور نے حالیہ بارشوں سے ضلع بنوں، باجوڑ اور شانگلہ سمیت دیگر اضلاع میں مکانات کی چھتیں گرنے اور دیگر مختلف حادثات کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے لئے مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس سلسلے میں ریلیف کو ضروری کارروائی عمل میں لانے جبکہ تمام اضلاع میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات (بقیہ 6 صفحہ 4)

چکدرہ، بار ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل، اسداللہ خان ایڈووکیٹ صدر منتخب

ارشد خان نائب صدر، شفقت اللہ جائنٹ سیکرٹری، مقدر شاہ فنانس سیکرٹری منتخب

چکدرہ (رپورٹ احسان اللہ سے) چکدرہ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل، اسداللہ خان صدر، امجد نواز جنرل سیکرٹری، ارشد خان نائب صدر، شفقت اللہ جائنٹ سیکرٹری، مقدر شاہ فنانس اور ذیشان خان لائبریری سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق چکدرہ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات گزشتہ روز اقبال خان ایڈووکیٹ کی نگرانی میں منعقد ہوگئے جس کے نتیجے میں ملگری وکیلان اور اسلامک لائرز موومنٹ کے مشترکہ (بقیہ 7 صفحہ 4)

تخت بھائی سے لاپتہ نوجوان چارسدہ میں قتل ہونے کا انکشاف، سردریاب سے موٹر سائیکل برآمد

گزشتہ ہفتہ پر اسرار طور پر لاپتہ ہونے والا نوجوان دانیال ولد سید کریم شاہ کو خانمائی چارسدہ میں قتل کرکے ان کی لاش کو سردریاب میں پھینکنے کا انکشاف

تخت بھائی (نمائندہ خصوصی) تخت بھائی کے شہری علاقہ باجوڑہ کورونہ سے گزشتہ ہفتہ پر اسرار طور پر لاپتہ ہونے والا نوجوان دانیال ولد سید کریم شاہ کو خانمائی چارسدہ میں قتل کرکے ان کی لاش کو سردریاب میں پھینکنے کا انکشاف۔ ان کی موٹر سائیکل پانی ہیڈ گزشتہ روز [illegible] کنال نہر شاخ نمبر 6 میں پولیس کو ملی تھی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیمیں اور دانیال کے ورثاء سردریاب میں ان کی لاش کو برآمد کرنے کے لئے متحرک ہیں۔ خانمائی پولیس نے دانیال کے بھائی داؤد شاہ ولد سید (بقیہ 8 صفحہ 4)

سرکاری امور کو ڈیجیٹل اور آن لائن سسٹم پر منتقل کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے، وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور

نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹل اسکلز سکھانے اور ڈیجیٹل انٹرپرینیورشپ کو فروغ دینا اور شہریوں کی سہولت کیلئے شہری خدمات کی آن لائن فراہمی وقت کا اہم تقاضا ہے

پشاور (بیورو نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور کی زیر صدارت محکمہ سائنس، ٹیکنالوجی اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ایک اجلاس گزشتہ روز وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور میں منعقد ہوا جس میں خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تحت صوبے میں انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے اٹھائے (بقیہ 9 صفحہ 4)

ایسٹر کے موقع پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور کا خصوصی پیغام

پشاور (بیورو نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور نے ملک بھر خصوصاً خیبر پختونخوا میں بسنے والی مسیحی برادری کو ان کے مذہبی تہوار ایسٹر کے موقع (بقیہ 10 صفحہ 4)

مردان میں واپڈا اہلکار اپنا قبلہ درست کریں، ظاہر شاہ طورو

اور مردان کے عوام پر لوڈ شیڈنگ کے طوفان سے باز آئیں، صوبائی وزیر

پشاور (بیورو نیوز) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے خوراک ظاہر شاہ طورو نے ضلع مردان میں واپڈا حکام کو تنبیہ دیتے ہوئے کہا کہ مردان کے عوام پر بلاوجہ لوڈ شیڈنگ سے باز آئیں اور سیاسی (بقیہ 11 صفحہ 4)

سوات بار کے نو منتخب صدر فہیم نعیم، جنرل سیکرٹری عبید اللہ، نائب صدر محمد اشرف، جائنٹ سیکرٹری حذیفہ، فنانس سیکرٹری عیسیٰ فضل اور لائبریری سیکرٹری صنم فریال ایڈووکیٹ کی فائل فوٹو

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سوات کے سالانہ انتخابات مکمل، فہیم نعیم صدر، عبید اللہ جنرل سیکرٹری منتخب

نائب صدر محمد اشرف، جائنٹ سیکرٹری حذیفہ، فنانس سیکرٹری عیسیٰ فضل، صنم فریال لائبریری سیکرٹری بلا مقابلہ منتخب ہوگئے

سوات (بیورو نیوز) ڈسٹرکٹ بار سوات ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات مکمل، فہیم نعیم صدر، عبید اللہ جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے، [illegible] صدر محمد اشرف، جائنٹ سیکرٹری حذیفہ، فنانس سیکرٹری عیسیٰ فضل، صنم فریال لائبریری سیکرٹری بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ پاکستان پیپلز لائرز [illegible] فورم کے مشترکہ امیدوار عبید اللہ جنرل سیکرٹری، محمد اشرف نائب صدر، حذیفہ جائنٹ سیکرٹری، عیسیٰ فضل فنانس سیکرٹری، صنم فریال لائبریری سیکرٹری منتخب (بقیہ 12 صفحہ 4)

سینیٹ الیکشن، 18 امیدوار بلامقابلہ منتخب، 30 نشستوں پر انتخاب 2 اپریل کو ہوگا

سینیٹ کی 48 خالی نشستوں میں سے 18 پر امیدوار بلامقابلہ منتخب کر لئے گئے ہیں جبکہ باقی 30 نشستوں پر انتخاب دو اپریل کو ہوگا، جبکہ 11 نشستوں پر الیکشن خطرات سے دوچار ہے

خیبر پختونخوا کی 11 نشستوں پر سینیٹ الیکشن خطرات سے دوچار ہے، صوبائی حکومت مخصوص نشستوں پر منتخب ارکان سے حلف نہ لینے پر بدستور بضد ہے

اسلام آباد (بیورو نیوز) سینیٹ کی 48 خالی نشستوں میں سے 18 پر امیدوار بلامقابلہ منتخب کر لئے گئے ہیں جبکہ باقی 30 نشستوں پر انتخاب دو اپریل کو ہوگا۔ خیبر پختونخوا کی 11 نشستوں پر سینیٹ الیکشن خطرات سے دوچار ہے، صوبائی حکومت مخصوص نشستوں پر منتخب ارکان سے حلف نہ لینے پر بدستور بضد ہے۔ الیکشن کمیشن پہلے ہی تنبیہ کر چکا ہے کہ اگر ارکان کو حلف نہ دلوایا گیا تو کمیشن خیبر پختونخوا کی حد تک سینیٹ الیکشن ملتوی کرنے پر (بقیہ 13 صفحہ 4)

مردان، گیس چوروں کیخلاف کارروائی، 4 کروڑ 96 لاکھ روپے جرمانے

چوری کی مد میں بھاری جرمانے سوئی گیس آفس مردان ریجن میں جمع کیے جا چکے ہیں

پشاور (آئی این پی) مردان میں گیس چوروں کو 4 کروڑ 96 لاکھ جرمانہ کیا گیا۔ چوری کی مد میں بھاری جرمانے سوئی گیس آفس مردان ریجن میں جمع کیے جا چکے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز (بقیہ 14 صفحہ 4)

مشیر سیاحت کا بارشوں اور ژالہ باری سے جانی و مالی نقصانات پر اظہار افسوس

صوبائی حکومت کی جانب سے ان سے گہری ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، مشیر سیاحت زاہد چن زیب

پشاور (بیورو نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے سیاحت و ثقافت زاہد چن زیب نے کل شام صوبے کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں اور ژالہ باری کے دوران جانی و مالی نقصانات پر گہرے (بقیہ 15 صفحہ 4)

دیر لوئر: محکمہ سوئی گیس کے اہلکاروں کی جانب سے 6 دیہات میں غیر قانونی کنکشنز کیخلاف آپریشن کے دوران ساڑھے چار کلومیٹر لائن کاٹا جا رہا ہے

دیر لوئر میں 6 دیہات میں غیر قانونی گیس کنکشنز کی اطلاع، ساڑھے 4 کلومیٹر لائن کاٹ دی گئی

محکمہ گیس نے کارروائی کے دوران 450 سے زائد غیر قانونی کنکشن حاصل کرنیوالے دیہاتوں کی گیس منقطع کر دی ہے

سوات (بیورو نیوز) محکمہ سوئی گیس نے دیر لوئر کے 6 دیہات میں غیر قانونی کنکشنز لگائے جانے کی اطلاعات پر گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے ساڑھے 4 کلومیٹر لائن کاٹ دی ہے، جس سے غیر قانونی طور 450 سے زائد کنکشن حاصل کرکے گیس استعمال کی جاتی تھی۔ تفصیلات کے مطابق لوئر دیر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی گیس کنکشنز کے خلاف گزشتہ روز کارروائیاں کی گئی ہیں، جس میں گاؤں [illegible]، بانڈہ، باڈگئی، تنگے، خزانہ، کوٹو اور ملٹکئی کے علاقے شامل ہیں، اپریشن (بقیہ 16 صفحہ 4)

مانسہرہ: نو تعینات ضلعی پولیس سربراہ شفیع اللہ گنڈاپور پہلی کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کے مسائل کو بر وقت حل کرنا میری اولین ترجیح ہے، ضلعی پولیس سربراہ مانسہرہ شفیع اللہ گنڈاپور

کھلی کچہری کا مقصد آپ کے مسائل سن کر ان کو فوری طور پر حل کرنا ہے، نو تعینات ضلعی پولیس سربراہ مانسہرہ شفیع اللہ گنڈاپور کی پہلی کھلی کچہری سے خطاب

مانسہرہ (بیورو نیوز) ڈی پی او مانسہرہ کی جانب سے عوام کے مسائل سننے اور ان کے حل کیلئے مانسہرہ پولیس کی کمان سنبھالنے کے تیسرے ہی دن کھلی کچہری کا انعقاد، ضلع بھر سے منشیات کے خاتمے کیلئے تمام پولیس افسران کو 10 دن کا الٹی میٹم، جو ایس ایچ او اپنے تھانے کی حدود سے منشیات اور دیگر جرائم ختم نہیں کرسکے گا وہ [illegible] ڈی پی او مانسہرہ کی کھلی کچہری میں گفتگو) پہلے مرحلے میں عادی منشیات فروشوں کی تصاویر ضلع کے (بقیہ 17 صفحہ 4)

پشاور: گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی اور میئر پشاور حاجی زبیر علی سے پشاور کے خواجہ سراء اپنے مسائل کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

صدقہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
"صدقہ اللہ تعالیٰ کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے
اور انسان کو بُری موت سے محفوظ رکھتا ہے"
(ترمذی، الزکوۃ، باب ما جاء فی فضل الصدقہ الرقم 668)
اپنے زکوۃ و عطیات خپل کور فاونڈیشن سوات کے درج ذیل آن لائن اکاونٹ میں جمع کروائیں
MCB BANK LIMITED
IBAN: PK24MUCB0028002010154583
برائے رابطہ خپل کور فاونڈیشن، ہاکی ٹرف گراونڈ مکانباغ مینگورہ، سوات
PHONE: +92-946-729211 WHATSAPP: +92-340-0919427
KHPAL KOR FOUNDATION
خپل کور فاونڈیشن

یتیم اور بے سہارا بچوں کی تعلیم و کفالت کا کل وقتی ادارہ
میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں ایسے ساتھ ہوں گے (الحدیث)
پرورش
اکاونٹ نمبر:
0221-79008421-03 حبیب بینک لمیٹڈ
اپنی زکوٰۃ اور صدقات "پرورش" کو دیجئے۔
جی ٹی روڈ امام ڈھیری سوات، خیبر پختونخوا پاکستان
فون: 03464-883821 / 03467-883822 / 0946-883821 / 883822
Parwarish Organization Pakistan parwarishswat@gmail.com

روزنامہ شمال سوات

THE DAILY SHAMAL
SWAT KPK PAKISTAN
Email: thedailyshamalswat@gmail.com / shamalswat@yahoo.com

قومی، بین الاقوامی و تجارتی خبریں

وہاڑی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد طیب خان امتحانی مرکز گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین میں امتحانی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری

گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 17 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

بہاولپور(یو این پی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 17 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے روزانہ کی بنیاد پر ہونا چیکنگ کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں پولیس کو کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی وصدر احمد پور شرقیہ، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 150 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ کینٹ، تھانہ مسافر خانہ، تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، تھانہ صدر یزمان، تھانہ قائم پور اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 07 کلو 230 گرام چرس اور 110 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ کوتوالی، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 05 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد کاربین 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا۔☆☆☆☆

وزیر تعلیم پنجاب ان ایکشن، بوٹی مافیا کو پکڑنے کی ہیٹرک کر لی

رانا سکندر حیات کے مسلسل تیسرے دن امتحانی مراکز پر چھاپے، 6 افراد گرفتار، عملہ سے 16000 روپے ریکوری، موبائل چیٹنگ پکڑی گئی

لاہور(یو این پی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے بوٹی مافیا کو پکڑنے کی ہیٹرک کر لی۔ وزیر تعلیم نے مسلسل تیسرے دن امتحانی مراکز پر چھاپے مارے اور پیسوں کے عوض نقل کروانے والے نگران عملہ کو گرفتار کروا دیا۔ وزیر تعلیم نے ایک دن میں چار امتحانی سنٹرز کے خلاف ایکشن لیا۔ رانا سکندر حیات نے گورنمنٹ گریجویٹ کالج سبزہ زار، پی آئی اے سوسائٹی میں نجی ادارے میں قائم امتحانی سنٹر، سول لائنز کالج اور ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن سنٹر پر چھاپہ مارا جہاں نگران عملہ نقل کروانے میں ملوث پایا گیا۔ رانا سکندر حیات کی طلبہ سے گفتگو میں یہ موقف سامنے آیا کہ نگران عملہ پیسوں کی ادائیگی کے عوض پیپر حل کروانے کی آفر کرتا ہے۔ خود آ کر پرچہ حل کروانے میں مدد اور پیسوں کی ڈیمانڈ کرتا ہے۔ ایروتی دوسرے امیدوار کو نقل کروانے کا کہا جاتا ہے۔ چیکنگ کے دوران بعض امیدواروں کے پرچے بھی آپس میں تبدیل پائے گئے۔ وزیر تعلیم کی تحقیق کے دوران نگران عملہ سے کوئی جواب نہ بن پڑا۔ امیدواروں سے گفتگو میں صوبائی وزیر کو نہ صرف عملے کے ملوث ہونے کے شواہد ملے بلکہ عملہ سے 16000 روپے کی ریکوری کے علاوہ موبائل چیٹنگ بھی پکڑی گئی۔ موبائل فون قبضہ میں لے کر دونوں سنٹرز سے مجموعی طور پر 6 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ وزیر تعلیم کی ہدایت پر گرفتار افراد کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کر لی گئی جبکہ پیشہ امور میں غفلت برتنے پر لاہور بورڈ کے کمپیوٹر آپریٹر اور موبائل انسپکٹر کو معطل کر کے انکوائری کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ رانا سکندر حیات کے چھاپہ کے دوران یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ میٹرک کے امتحانات اتر کے نوجوان بطور انویجیلیٹر لیے پائے گئے۔

ضلعی انتظامیہ گجرات نے تجاوزات کے خاتمے کیلئے گرینڈ آپریشن کا آغاز کر دیا

تاجر حضرات اپنا سامان شہر کے اندر رکھیں گے، تجاوزات کے خاتمے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا ساتھ دیں، ڈپٹی کمشنر

کھاریاں(یو این پی) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ گجرات کی جانب سے تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے گرینڈ آپریشن کا آغاز کیا جا رہا ہے، شہر میں ٹریفک کے مسائل کو حل کیا جا رہا ہے، تمام بازاروں سے تاجر حضرات اپنا سامان شہر کے اندر رکھیں گے، تاجر برادری تجاوزات کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ کا ساتھ دیں، تاجر برادری رضا کارانہ طور پر تجاوزات ختم کرنے میں ضلعی انتظامیہ کا ساتھ دیں، تجاوزات کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے آخری وارننگ دی جا رہی ہے، عمل نہ کرنے والے افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاجر تنظیمیں ناجائز تجاوزات کے خلاف آگاہی مہم بھی چلائی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تجاوزات کے خلاف آپریشن کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ تاجر برادری راستوں کو کشادہ کریں اپنا سامان شہر کے اندر رکھیں، ضلع بھر سے تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے گا، تاجر برادری رضا کارانہ طور پر ضلعی انتظامیہ کا ساتھ دیں اور تجاوزات فوری ختم کریں، بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، سامان ضبط کر لیا جائے۔۔۔

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ کا حکومت پنجاب کی طرف سے مسیح برادری کے مستحقین میں ایسٹر کے موقع پر چیکس تقسیم کرنے کے بعد گروپ فوٹو

ہرنائی میں گیس کمپنی کی سکیورٹی گاڑی کے قریب دھماکہ، 1 اہلکار شہید، 14 زخمی

بارودی سرنگ دھماکے سے زخمی ہونے والے متعدد افراد کی حالت تشویشناک، سکیورٹی فورسز اور لیویز فورس جائے واقعہ کی جانب روانہ کر دی گئی

کوہلو(یو این پی) صوبہ بلوچستان کے علاقہ ہرنائی میں گیس کمپنی کی سکیورٹی پر تعینات گاڑی کے قریب دھماکے میں 1 اہلکار شہید اور 14 زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہرنائی میں گیس کمپنی کی گاڑی کے قریب بارودی سرنگ کے ذریعے دھماکہ کیا گیا اس دھماکے کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور 14 زخمی ہو گئے، دھماکے سے زخمی ہونے والے متعدد افراد کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے، دھماکے کے فوری بعد زخمی ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جب کہ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مزید نفری، سکیورٹی فورسز اور لیویز فورس جائے وقوع کی جانب روانہ ہو گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہرنائی دھماکہ دہشتگردوں کا بزدلانہ وار ہے، بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز متحد ہو کر امن دشمنوں کے خلاف کھڑے ہیں، وحشت اور دہشت پھیلانے والوں کے خلاف جنگ میں فتح امن کی ہو گی، معصوم اور بے گناہوں کا خون بہانے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کریں گے، افسوسناک واقعے میں زخمی ہونے والوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کیں جائیں گی۔ چند روز قبل صوبہ بلوچستان کے ضلع کیچ کے مرکزی شہر تربت میں ایئرپورٹ اور نیول ایئربیس پر نامعلوم افراد کے اندر داخل ہونے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے تمام حملہ آوروں کو ہلاک کیا گیا، اس دوران تربت میں نیول ایئر بیس پر حملہ کر کے داخل ہونے کی کوشش ناکام بنائی گئی، حملہ آوروں نے پہلے نیول بیس کے مین گیٹ سے داخل ہونے کی کوشش کی جس کے باعث دھماکوں اور شدید فائرنگ کی آوازیں آتی رہیں، جس سے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، بعد میں پولیس اور فورسز کی بڑی تعداد نیول بیس کے قریب پہنچی اور پورے علاقے کو قبضے میں لے لیا، اس دوران حملہ کرنے والوں کو جوابی کارروائی میں مار دیا گیا، جس کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقے کو کلیئر کر دیا، سرکاری ذرائع کا کہنا تھا کہ 4 سے 6 مسلح حملہ آوروں نے ایئرپورٹ کے شمالی جانب سے نیول بیس میں داخل ہونے کی کوشش کی۔☆☆☆☆

جاپانی وفد کی سیکرٹری ایجوکیشن

جنوبی پنجاب سے ملاقات

ملتان (یو این پی) جاپان کوآپریشن انٹرنیشنل ایجنسی (جائیکا) کے اعلیٰ سطحی وفد نے چیف ایڈوائزر جیرو واٹاناشی کی سربراہی میں ایجوکیشن سیکرٹریٹ جنوبی پنجاب کا دورہ کیا اور سیکرٹری سکول ایجوکیشن جنوبی پنجاب ڈاکٹر عبید اللہ کھوکھر سے ملاقات کی۔ سیکرٹری سکول ایجوکیشن جنوبی پنجاب سے ملاقات کے موقع پر جائیکا کی چیف ایڈوائزر نے ہوٹلوں، دکانوں، کھیتوں اور ورکشاپوں میں کام کرنے والے بچوں کو مفت تعلیم کی فراہمی کے لیے محکمہ سکول ایجوکیشن جنوبی پنجاب کے صبح نو اسکول کے منصوبے کی تعریف کی۔☆☆☆

پنجاب اسمبلی:600 ارب روپے سے زائد کا ضمنی بجٹ منظور

پنجاب اسمبلی کے ملازمین کو ایک ماہ کی بنیادی تنخواہ اعزازیہ کے طور پر دینے کا اعلان

لاہور(یو این پی) پنجاب اسمبلی نے 600 ارب روپے سے زائد مالیت کے ضمنی بجٹ کی منظوری دے دی۔ میڈیا کے مطابق وزیر خزانہ نے بجٹ کی منظوری پر اسمبلی ملازمین کو خوشخبری دے دی اور اسمبلی ملازمین کو ایک ماہ کی بنیادی تنخواہ اعزازیہ کے طور پر دینے کا اعلان کر دیا۔ ساتھ ہی ڈپٹی اسپیکر ظہیر چنڑ نے گلوٹین قانون کا اطلاق کر دیا۔ پنجاب اسمبلی نے جنرل ایڈ کو بجٹ کی سپلیمنٹری بجٹ 2022-23 کی مد میں 3 ارب 25 کروڑ 12 لاکھ 9 ہزار کے مطالبات زر منظور کر لیے۔ پنجاب اسمبلی نے پبلک ہیلتھ کے سپلیمنٹری بجٹ 2022-23 کی مد میں 6 ارب 38 کروڑ 26 لاکھ سات ہزار کے مطالبات زر منظور کر لیے۔ پنجاب اسمبلی نے وزارتی کے سپلیمنٹری بجٹ 2022-23 کی مد میں 2 ارب 64 کروڑ 18 لاکھ 60 ہزار کے مطالبات زر منظور کر لیے۔ پنجاب اسمبلی نے متفرق اخراجات کے سپلیمنٹری بجٹ 2022-23 کی مد میں 66 کروڑ 40 لاکھ ایک ہزار روپے کے مطالبات زر منظور کر لیے۔

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ امتحانی مرکز گورنمنٹ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول میں امتحانی عمل کو چیک کر رہے ہیں

زخمی ہونے کی وجہ سے پرویز الٰہی کو سانس لینے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ اہلیہ کی ہائی کورٹ میں درخواست

حکومت انتقامی کارروائیوں میں سیاسی مخالفین کے ساتھ غیر انسانی سلوک روا رکھ رہی ہے

اسلام آباد(یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی اہلیہ قیصرہ الٰہی کا کہنا ہے کہ زخمی ہونے کی وجہ سے پرویز الٰہی کو سانس لینے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ پرویز الٰہی کی پمز ہسپتال سے اڈیالہ جیل منتقلی کے خلاف ان کی اہلیہ قیصرہ الٰہی نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ پرویز الٰہی جیل میں گرنے کی وجہ سے زخمی ہوئے، میڈیکل رپورٹس کے مطابق پرویز الٰہی کی پسلی کی ہڈیوں میں فریکچر ہیں، 78 سال کے پرویز الٰہی عارضہ قلب سمیت متعدد امراض میں مبتلا ہیں۔ قیصرہ الٰہی نے اپنی درخواست میں کہا کہ زخمی ہونے کی وجہ سے پرویز الٰہی کو سانس لینے میں دشواری پیش آ رہی ہے، ڈاکٹرز کی ہدایات پر انہیں پمز منتقل کیا گیا تھا جہاں پر وہ زیر علاج تھے۔ درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ پرویز الٰہی کو انتہائی نگہداشت میں مسلسل مانیٹرنگ اور علاج کی ضرورت ہے، حکومت انتقامی کارروائیوں میں سیاسی مخالفین کے ساتھ غیر انسانی سلوک روا رکھ رہی ہے۔۔۔

گرجا کالونی سے کنواری لڑکی اغواء پولیس بازیاب کرانے میں ناکام

ملزمان نے انمول کو اس وقت اغواء کیا جب گھر میں کوئی موجود نہ تھا

شیخوپورہ(یو این پی) گرجا کالونی سے کنواری لڑکی اغواء پولیس بازیاب کرانے میں ناکام وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ، تھانہ بھکھی کی حدود گرجا کالونی سے 4 مسلح ملزمان 16 سالہ انمول کو زبردستی اغواء کر کے لے گئے پولیس نے مغویہ کے بھائی کی مدعیت میں 2 نامزد ملزمان سمیت 4 افراد کے خلاف زیر دفعہ 365 کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے مدعی کے مطابق ملزمان نے انمول کو اس وقت اغواء کیا جب گھر میں کوئی موجود نہ تھا ملزمان جاتے ہوئے 21 ہزار روپے نقدی بھی لے گئے پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔☆☆☆☆

القدس ایمانی غیرت کے ساتھ منایا جائیگا، متحدہ علماء محاذ

مسلم ممالک اسرائیل سے سفارتی تعلقات منقطع اور اس کی تمام تر مصنوعات کا بائیکاٹ کریں، آل پارٹیز القدس سیمینار

کراچی(یو این پی) متحدہ علماء محاذ پاکستان کے زیر اہتمام بسلسلہ عالمی یوم القدس 17 واں سالانہ آل پارٹیز القدس سیمینار میں شریک مختلف مکاتب فکر کے جید علماء، مشائخ، سیاسی زعماء، اقلیتی و سماجی رہنماؤں سمیت صحافی، دانشور، ڈاکٹر، وکلاء، تاجر ممتاز شخصیات نے مقامی ہال میں خطاب کرتے ہوئے مسلم حکمرانوں، اقوام متحدہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ غزہ فلسطین میں فوری جنگ بندی، غذائی و طبی امداد پہنچانے میں اسرائیلی رکاوٹوں کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ مسلم ممالک اسرائیل سے سفارتی تعلقات منقطع اور اس کی تمام تر مصنوعات کا بائیکاٹ کریں۔ متحدہ علماء محاذ پاکستان 26 رمضان جمعۃ الوداع کو عالمی یوم القدس کے طور پر ایمانی غیرت و جذبہ کے ساتھ منائے گی۔ بانی اسلامی انقلاب ایران آیت اللہ امام خمینی کا یوم القدس منانے جانے کا جرأت مندانہ دوراندیشانہ اعلان قابل تقلید و تحسین و ستائش ہے۔

ڈی پی او چکوال نے دوہرے قتل کی واردات کا فوری نوٹس لیا

چکوال(یو این پی) ڈی پی او چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کا تھانہ نیلہ میں دوہرے قتل کی واردات کا فوری نوٹس لیا۔ علاقہ تھانہ نیلہ میں ہونے والی لرزہ خیز دوہرے قتل کی واردات پر ڈی پی او چکوال فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ ابتدائی اطلاع کے مطابق یہ جھگڑا گھریلو ناچاقی بتائی جا رہی ہے۔ ڈی پی او چکوال لواحقین کے ساتھ ملاقات کی اور اظہار ہمدردی کرتے ہوئے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی یقین دہانی دلائی۔ ڈی پی او چکوال کی ہدایت پر ایس پی انویسٹی گیشن اور ایس ڈی پی او صدر سرکل نے ہمراہ ایس ایچ او تھانہ نیلہ و نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے اور پی ایف ایس اے ٹیم کے ذریعے موقع واردات پر تمام تر شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او چکوال کی ہدایت پر دوہرے قتل کے ملزمان کو ٹریس اور گرفتار کرنے کے لیے چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دی گئی اور علاقہ کو گھیرے میں لے کر ناکہ بندیاں کی جا رہی ہیں۔☆☆☆

۔۔۔۔۔۔وہاڑی: ڈپٹی کمشنر ضلعی بہبود فنڈ بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

سینیٹر شیری رحمان کی ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 22 سالہ ماریہ کے وحشیانہ قتل کی مذمت

بے گناہ عورت کے ساتھ گھناؤنے عمل اور اس کے غیر انسانی قتل کا سن کر دل شدید رنجیدہ ہے

اسلام آباد(یو این پی) پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان کی ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 22 سالہ ماریہ کے وحشیانہ قتل کی مذمت، ذمہ داروں کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ۔ شیری رحمان نے کہا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں معصوم ماریہ کے وحشیانہ قتل کی شدید مذمت کرتی ہوں بے گناہ عورت کے ساتھ گھناؤنے عمل اور اس کے غیر انسانی قتل کا سن کر دل شدید رنجیدہ ہے، اپنے بھائی اور والد کے ہاتھوں ماریہ کا وحشیانہ قتل بنیادی انسانی حقوق، ہماری روایات اور عورتوں کے وقار کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ شیری رحمان کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی وحشیانہ ویڈیو نے مجموعی طور پر ہمارے معاشرے کا سر شرم سے جھکا دیا ہے اسے عام واقعہ سمجھ کے اس کی خوفناک نوعیت نظرانداز نا کیا جائے اس قتل کی شفاف تحقیقات کر کے تمام ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ غیر انسانی سلوک اور تشدد کی ایسی کارروائیوں کی کسی بھی مہذب معاشرے میں کوئی جگہ نہیں ہے لہذا ذمہ داروں کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔☆☆☆

سانحہ 9 مئی کیسز کا پہلا فیصلہ، 51 ملزمان کو 5،5 سال قید کا حکم

ملزمان میں گوجرانوالہ سے پی ٹی آئی کے نومنتخب ایم پی اے کلیم اللہ خان بھی شامل

ایس پی سمیت دس پولیس اہلکار زخمی اور ایک شہری قتل ہوا تھا جبکہ چار گاڑیاں بھی توڑی گئی تھیں

گوجرانوالہ(یو این پی) ملک میں 9 مئی واقعات کے کیسز کا پہلا فیصلہ گوجرانوالہ میں سنا دیا گیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کی خاتون جج نے سینٹرل جیل میں 9 مئی کے مقدمے میں ملوث 51 ملزمان کو دہشت گردی کی تین دفعات کے تحت 5،5 سال قید اور دس دس ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ ملزمان میں گوجرانوالہ سے پی ٹی آئی کے نومنتخب ایم پی اے کلیم اللہ خان بھی شامل ہیں۔ ملزمان کو سڑک بلاک کرنے، املاک کو نقصان پہنچانے، ہجوم جمع کرنے سمیت دیگر دفعات میں بھی سزا سنائی گئی۔ اس موقع پر سینٹرل جیل کی سیکورٹی ہائی الرٹ رہی اور پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی۔ حساس تنصیبات پر حملے، جلاؤ گھیراؤ کا مقدمہ تین ماہ سے جیل میں چل رہا تھا۔ 9 مئی کو پی ٹی آئی کے کارکنوں کی جانب سے احتجاج کے دوران حساس تنصیبات پر حملے کیے گئے تھے۔ مظاہرین کے حملے میں ایک ایس پی سمیت دس پولیس اہلکار زخمی اور ایک شہری قتل ہوا تھا جبکہ چار گاڑیاں بھی توڑی گئی تھیں۔

معتکفین دعاؤں میں یاد رکھیں، عافیہ کو جیل میں مشکل حالات کا سامنا ہے

کراچی (یو این پی) گلوبل عافیہ موومنٹ کی چیئرپرسن اور ملک کی معروف نیورو فزیشن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے معتکفین سے اپیل کی ہے کہ اعتکاف کے دوران امت مسلمہ کی مظلوم بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی جلد رہائی، حفاظت اور عافیت کے ساتھ وطن واپسی کے لیے خصوصی طور پر دعائیں کریں۔ عافیہ موومنٹ میڈیا سیل سے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آج دنیا بھر میں کروڑوں فرزندان توحید اعتکاف کی سعادت حاصل کریں گے۔ اعتکاف کی سعادت حاصل کرتے ہی میں دل کی گہرائیوں سے انہیں مبارکباد دیتی ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادتوں کو قبول فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہی ڈاکٹر عافیہ کی قید ناحق کے 21 سال مکمل ہو رہے ہیں۔ امت مسلمہ اس وقت مشکل دور سے گزر رہی ہے۔ مسلمان کے لیے انصاف کا حصول ناممکن بنا دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر عافیہ ایف ایم سی کارسویل جیل میں مشکل حالات میں زندگی گزار رہی ہے۔ اسے جیل میں بدترین ذہنی، جسمانی اور جنسی بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔☆☆☆☆

وفاق نے پی ایس ڈی پی میں سندھ کو نظر انداز کیا، وزیر اعلیٰ سندھ

8 سال سے سندھ کو پی ایس ڈی پی میں کوئی نیا پراجیکٹ نہیں ملا، مراد علی شاہ

کراچی(یو این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ملاقات کی، جس میں اسمال میڈیم انٹرپرائزز کو مزید بہتر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ اور وفاقی وزیر خزانہ نے صنعتکار گیس کی بلاتعطل فراہمی اور قیمتوں پر بھی بات چیت کی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ صنعتکار گیس کی بڑھتی قیمتوں کے حوالے سے پریشان ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ وہ اس پر وفاقی وزیر پیٹرولیم سے بات کریں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ 2015 میں ایف بی آر نے کلائمز کی جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں ایک ارب کی یونٹ جاری کر کے سندھ کو 6 بلین روپے کی کٹوتی کی، اب وفاقی حکومت نے سیپکو اور حیسکو کی مد میں 13 بلین روپے کاٹ لیے ہیں۔ وفاقی وزیر نے وزیراعلیٰ سندھ کو کہا کہ وہ ایسے سوروں کو ٹی کے مسائل حل کریں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ گزشتہ 8 سالوں سے سندھ کو سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) میں کوئی نیا پراجیکٹ نہیں ملا۔☆☆☆

پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں کی کاکول کیمپ

میں تیسرے روز بھی بھرپور فزیکل ٹریننگ

لاہور(یو این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں نے کاکول کیمپ میں تیسرے روز بھی بھرپور فزیکل ٹریننگ میں حصہ لیا۔ افواج پاکستان کے جوانوں کی سرپرستی میں قومی کرکٹرز کا فزیکل ٹریننگ کیمپ آرمی اسکول آف فزیکل ٹریننگ سینٹر ایبٹ آباد میں جاری ہے۔ کیمپ کے تیسرے روز دو مراحل میں کھلاڑیوں نے فزیکل ٹریننگ کی۔ ریسپ پر فزیکل ٹریننگ اور رننگ کے ساتھ ساتھ کھلاڑی مختلف کھیلوں میں بھی مشغول رہے۔ پی سی بی کی جانب سے جاری ویڈیو میں کھلاڑیوں کو خوشگوار ماحول میں ٹریننگ کرتے دکھایا گیا۔

لاہور میں بنایا جانے والا اپنی نوعیت کا منفرد

سائیکلنگ ٹریک تباہ حالی کا شکار ہو گیا

لاہور(یو این پی) لاہور میں بنایا جانے والا اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد سائیکلنگ ٹریک ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث تباہ حالی کا شکار ہو چکا ہے۔ لاہور کی ضلعی انتظامیہ شہریوں کیلئے سائیکلنگ کا ٹریک بنا کر بھول گئی اور اب یہ ٹریک سائیکلسٹوں کی بجائے نشئیوں کی آماجگاہ اور آوارہ جانوروں کا مسکن بن چکا ہے۔ لاہور کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 3 سال قبل اپنی نوعیت کا پہلا سائیکلنگ ٹریک ان دعوؤں کے ساتھ بنایا گیا تھا کہ یہ بی آر بی نہر کنال کے کنارے پہلا انٹرنیشنل جب ہوگا۔ دعویٰ کیا گیا تھا کہ یہاں فوڈ کورٹ بنائی جائے گی۔

روسی سفیر کی ملاقات، شہباز شریف کی روسی صدر کو دورہ پاکستان کی دعوت

اسلام آباد(یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان روس کے ساتھ متعدد شعبوں بالخصوص توانائی، تجارت اور سرمایہ کاری میں دوطرفہ تعاون بڑھانا چاہتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں روس کے سفیر البرٹ پی خوریف نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے روس کے صدر کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔ وزیراعظم نے روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن کو دوبارہ منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور ماسکو کنسرٹ ہال حملے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اس المناک گھڑی میں روس کے ساتھ کھڑا ہے۔ اس موقع پر شہباز شریف نے پاکستانی ہم منصبوں کے ساتھ بات چیت کیلئے ایک وفد پاکستان بھیجنے پر زور دیا تاکہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو بڑھانے کے طریقوں کی نشاندہی کی جا سکے۔ ملاقات میں وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان تاریخی دوستانہ تعلقات کا ذکر بھی کیا۔ ملاقات میں روسی سفیر نے وزیراعظم کو یقین دلایا کہ روس پاکستان کے ساتھ مضبوط تعلقات استوار کرنا چاہتا ہے۔☆☆☆

۔۔۔۔۔۔اوکاڑہ: پتنگ بازی کی روک تھام کے سلسلہ میں نکالی جانے والی ریلی میں سینکڑوں افراد شریک ہیں۔۔۔۔۔۔

آرمی، واپڈا آل پاکستان رمضان کپ باسکٹ بال ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے

ٹورنامنٹ کی ڈیپارٹمنٹل کیٹگری میں واپڈا گرین کا مقابلہ آرمی اے سے جبکہ واپڈا ایکا مقابلہ آرمی گرین سے ہوگا

اسلام آباد(یو این پی) آل پاکستان رمضان کپ تھری بائی تھری باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں پاکستان آرمی اور پاکستان واپڈا کی ٹیمیں ڈیپارٹمنٹل ایونٹ میں جبکہ ویمنز ایونٹ میں آرمی اور لاہور کی ٹیمیں بھی فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئیں ہیں۔ فیڈرل باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں جاری ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں واپڈا اے پولیس گرین کے خلاف اپنے شاندار کھیل کی بدولت 10-22 پوائنٹس سے کامیابی حاصل کی۔ واپڈا کی طرف سے زین الحسن نے 10، علی رضا نے 7 پوائنٹس سکور کیے۔ دوسرے میچ میں آرمی گرین کی ٹیم نے نیوی کے خلاف 8-21 پوائنٹس سے جیت اپنے نام کرتے ہوئے سیمی فائنل راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا۔ آرمی کے شیراز اسلم نے نو جبکہ محمد عثمان نے چھ پوائنٹس سکور کئے۔ تیسرے کوارٹر فائنل میں واپڈا گرین نے پولیس بلیوز کو 9-22 پوائنٹس سے جبکہ آرمی اے نے واپڈا ریڈ کے خلاف 17-21 پوائنٹس سے کامیابی حاصل کی۔ ویمنز کیٹگری کے کوارٹر فائنل مقابلوں میں پاکستان آرمی اے نے کلب کے خلاف 6-17 پوائنٹس سے کامیابی حاصل کی۔ آمنہ محسن نے 10، ایمن ریاض نے 5 پوائنٹس سکور کیے۔ دوسرے کوارٹر فائنل میں لاہور کی نے ناٹ بلیوز کو 4-13 پوائنٹس سے ہرایا۔ میچ میں مدیحہ نواز نے چھ جبکہ ماریہ خان نے پانچ پوائنٹس سکور کئے۔ کوارٹر فائنل راؤنڈ میں لاہور اے نے لاہور ڈی کو 5-16 پوائنٹس جبکہ لاہور بی نے اے کے واٹ کو 0-5 پوائنٹس سے شکست دی۔ ٹورنامنٹ کی ڈیپارٹمنٹل کیٹگری میں واپڈا گرین کا مقابلہ آرمی اے سے جبکہ واپڈا ایکا مقابلہ آرمی گرین سے ہوگا۔☆☆☆☆

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز کا اکیڈمی میں زیر تربیت سندھ اور بلوچستان کے ریسکیورز سے خطاب

آپ بہت خوش نصیب لوگ ہیں جنہیں انسانیت کی خدمت کے لیے منتخب کیا گیا ہے' ڈاکٹر رضوان نصیر

لاہور (یو این پی) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں چوالیسویں بیسک ریسکیو کورس کے صوبہ سندھ اور بلوچستان کے تربیت کے لیے آنے والے 623 ریسکیو رز سے خطاب کرتے ہوئے خوش آمدید کہتے ہوئے انہیں زندگی بچانے والی ایمرجنسی سروس کا حصہ بننے پر مبارکباد پیش کی۔ ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ آپ ایک ایسی سروس کا حصہ بننے جا رہے ہیں جس کی تاریخ مختصر ہے لیکن اب تک اس نے بہت سی کامیابیاں حاصل کیں ہیں۔ انہوں نے سندھ اور بلوچستان کے نئے بھرتی ہونے والے ریسکیورز کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہنگامی حالات کے متاثرین کو پیشہ ورانہ اور اعلیٰ معیار کے مطابق سروس فراہم کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایمرجنسی سروسز اکیڈمی ٹھوکر نیاز بیگ میں سندھ اور بلوچستان کے زیر تربیت ریسکیورز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رجسٹرار اکیڈمی ڈاکٹر محمد فرحان خالد، ڈائریکٹر ایمرجنسی آفیسر مانیٹرنگ ڈاکٹر نوید اور مرزا، ہیڈ آف کمیونٹی سیفٹی اینڈ انفارمیشن محترمہ دیا شہناز، کنٹرولر امتحانات محترمہ رقیہ بانو جاوید، ہیڈ آف میڈیکل ونگ ڈاکٹر علی امام سید، دیگر افسران اور ایمرجنسی سروسز کے انسٹرکٹرز کے علاوہ ریسکیورز بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ اس موقع پر ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ 2004 سے لاہور سے شروع ہونے والی ریسکیو 1122 سروس اب پنجاب کے تمام اضلاع و تحصیلوں تک قائم ہو چکی ہے اور پاکستان کے دیگر صوبوں میں اس کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے۔ ریسکیو سروس پنجاب نے اب تک 14.5 ملین ایمرجنسی متاثرین کو اوسط رسپانس ٹائم 7 منٹ برقرار رکھتے ہوئے۔۔۔

پختونخوا: سینیٹ الیکشن کو مخصوص نشستوں پر حلف سے مشروط کرنے کا فیصلہ چیلنج

سینیٹ الیکشن کو التوا کا شکار کرنا غیر قانونی اور بروقت یقینی بنانا الیکشن کمیشن کی آئینی ذمے داری ہے، درخواست

پشاور(یو این پی) خیبر پختونخوا میں سینیٹ الیکشن کو مخصوص نشستوں پر حلف سے مشروط کرنے کا فیصلہ عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے صوبہ خیبر پختونخوا میں سینیٹ انتخابات کو مخصوص نشستوں پر منتخب ارکان اسمبلی کے حلف سے مشروط کرنے کے فیصلے کو پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سینیٹ کی رکنیت کے امیدوار اعظم سواتی نے علی عظیم آفریدی ایڈووکیٹ کی وساطت سے پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ ہائی کورٹ میں دائر درخواست میں اعظم سواتی کی جانب سے مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں سینیٹ انتخابات کو التوا کا شکار کرنا غیر قانونی ہے۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ الیکشن کمیشن کا 26 مارچ کا فیصلہ کالعدم قرار دے کر 2 اپریل کو کے پی کے میں سینیٹ انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔ اعظم سواتی کی جانب سے دائر درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن نے سینیٹ انتخابات میں امیدواروں کو نہیں سنا اور بغیر سنے فیصلہ جاری کر دیا۔ جن ارکان کو الیکشن کمیشن نے ... ابھی منتخب ہوئے، حلف بھی نہیں لیا، درخواست گزار اعظم سواتی سینیٹ کی رکنیت کے امیدوار ہیں، ان کو نہیں سنا گیا۔ درخواست کے مطابق الیکشن کمیشن کے فیصلے سے سینیٹ کا انتخابی عمل متاثر ہوگا۔☆☆☆☆

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ ضلعی زرعی مشاورتی وٹاسک فورس کمیٹی کے اجلاس میں افسران کو ہدایات دے رہے ہیں

خوشحال زندگی گزارنے کا خواب، یورپ جانے والا پاکستانی جوڑا 4 بچوں سمیت سمندر میں ڈوب کر ہلاک

کوئٹہ کے رہائشی علی آغا اپنی اہلیہ اور چار بچوں کے ہمراہ انسانی سمگلروں کی مدد سے ترکیہ سے یورپ کے سفر پر روانہ ہوئے

لاہور(یو این پی) خوشحال زندگی گزارنے کا خواب لئے یورپ جانے والا پاکستانی جوڑا 4 بچوں سمیت سمندر میں ڈوب کر ہلاک ہوگیا۔ کوئٹہ کے رہائشی علی آغا اپنی اہلیہ اور چار بچوں کے ہمراہ انسانی سمگلروں کی مدد سے ترکیہ سے کشتی میں بیٹھ کر بہتر زندگی کا خواب لئے یورپ کے سفر پر روانہ ہوئے، لیکن اپنی منزل پر پہنچنے سے پہلے ہی بدقسمت خاندان کی زندگی کا سفر ختم ہو گیا۔ ان میں علی آغا، ان کی اہلیہ 40 سالہ بی بی طاہرہ، چار بچے 14 سالہ سبحان، 12 سالہ سجاد، 10 سالہ فاطمہ اور پانچ سالہ کوثر بھی شامل ہیں۔ رشتہ داروں نے اپنے پیاروں کو استنبول میں سپرد خاک کر دیا۔ علی آغا کے برادر نسبتی عادل شاہ کا کہنا ہے کہ ان کے پیاروں کو اپنے وطن کی مٹی بھی نصیب نہیں ہو سکی اور انہیں وہیں ترکیہ کے شہر استنبول میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ سید علی آغا کوئٹہ کے علاقے علمدار روڈ کے رہائشی تھے جن سے ان کی بہن کا رشتہ تقریباً 15 سال قبل ہوا۔ شادی کے بعد میاں بیوی کوئٹہ میں ہزارہ قبیلے کی ٹارگٹ کلنگ، بے امنی اور مالی مشکلات کے باعث پاکستان چھوڑ کر ہمسایہ ملک ایران منتقل ہو گئے۔ وہاں سے تین چار سال قبل روزگار کی تلاش میں ترکیہ چلے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے بیوی بچوں کو بہتر اور خوشحال مستقبل دینا علی آغا کا خواب تھا لیکن ترکیہ میں ان کی زندگی آسان نہیں تھی۔ وہ وہاں تعمیراتی شعبے میں یومیہ اجرت پر کام کرتے تھے۔ کرایے کے مکان میں رہائش پذیر تھے اور بمشکل اپنا خرچ پورا کر رہے تھے۔ ترکیہ میں مستقبل کے لیے بہتر مواقع نہ ہونے کے باعث ان کی نظریں یورپ پر بھی ہوئی تھیں۔ ان کے دو بھائی اور والدین پہلے ہی جرمنی میں تھے۔ وہ ان کے پاس جانا چاہتے تھے۔ عادل شاہ کا کہنا تھا کہ بہن اور بہنوئی نے یورپ جانے سے پہلے مجھ سے بات نہیں کی کیونکہ انہیں پتہ تھا کہ میں خطرات کی وجہ سے ان کے فیصلے کی مخالفت کروں گا تو انہوں نے مشورہ کیے بغیر ترکیہ سے یونان جانے کا فیصلہ کیا۔ بہن نے جانے سے پہلے والدہ کو وائس میسج چھوڑا اور بتایا کہ وہ شوہر اور بچوں کے ساتھ سفر پر نکل رہی ہے۔۔۔

ٹورنٹو ایئرپورٹ پر گرفتار

پی آئی اے ایئر ہوسٹس معطل

لاہور(یو این پی) ٹورنٹو ایئرپورٹ پر کسٹمز کے زیر حراست پی آئی اے ایئر ہوسٹس کو ملازمت سے معطل کر دیا گیا۔ حنا ثانی کو ڈسپلن کی خلاف ورزی کے الزام میں معطل کیا گیا ہے۔ پاکستان پہنچنے والی فضائی میزبان کے خلاف محکمانہ تحقیقات کی جائیں گی۔ پی آئی اے کی پرواز نمبر 789 پر تعینات فضائی میزبان پاکستان سے کینیڈا پہنچی تھی اور اسے ممنوعہ اشیا کی موجودگی کے باعث زیر حراست رکھا گیا تھا۔

عمران خان سے جیل میں ملاقات کی ایس او پیز طے، فوکل پرسن مقرر

بیرسٹر گوہر، شیر افضل مروت، بیرسٹر عمیر نیازی فوکل پرسن مقرر، ہفتے میں 2 دن ملاقاتیں ہوں گی

راولپنڈی(یو این پی) عمران خان سے جیل میں ملاقات کے لیے ایس او پیز طے کر لی گئی ہیں اور اس سلسلے میں فوکل پرسن مقرر کر دیے گئے ہیں۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے کون اور کب ملاقات کر سکے گا، اس حوالے سے نئی تفصیل سامنے آ گئی۔ سابق وزیراعظم عمران خان اور جیل سپرنٹنڈنٹ کے درمیان ایس او پیز طے پا گئے۔ جیل میں ملاقات کے حوالے سے بنائے گئے ایس او پیز پر عمران خان اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے دستخط کیے، جس کے مطابق جیل میں ملاقاتوں کے لیے بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے 3 فوکل پرسنز مقرر کیے ہیں۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، شیر افضل مروت، بیرسٹر عمیر نیازی فوکل پرسن ہوں گے۔ جیل میں ملاقاتوں کے لیے ہر فوکل پرسن 2 نام دے گا۔ ہفتے میں 2 دن یعنی منگل کو فیملی، جمعرات کو وکلا و دیگر کے ساتھ ملاقات ہوا کرے گی۔☆☆☆

۔۔۔۔۔۔ڈیرہ غازیخان: ڈپٹی کمشنر محمد شاہد زمان لک تھیم کے امتحانی سنٹر کا معائنہ کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں 9.94 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان

عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ گئی، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتیں 1.30 روپے کم ہونے کا امکان

اسلام آباد(یو این پی) حکومت کی جانب سے آئندہ ماہ کے پہلے پندرھواڑے میں (کل) یکم اپریل 2024 سے پیٹرول کی قیمتوں میں 9.94 روپے فی لیٹر اضافہ کیے جانے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافے کی بڑی وجہ ہے کہ امریکی موگاس نے اپنی پیداوار کم کر دی ہے اور یوں امریکی حکومت کی جانب سے معاوضہ امپورٹ کی ادائیگی میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور اس کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں تاہم ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتیں 1.30 روپے کم ہونے کا امکان ہے کیونکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی طلب کم اور رسد زیادہ ہے۔ حکومت اور متعلقہ ذرائع کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (کل) یکم اپریل سے 15 اپریل 2024 تک کیلئے قیمت 279.75 روپے سے بڑھ کر 289.69 ہو جائے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 285.40 روپے سے کم ہو کر 284.26 روپے ہونے کا امکان ہے۔☆☆☆☆

THE DAILY SHAMAL
SWAT KPK PAKISTAN
Email: thedailyshamalswat@gmail.com / shamalswat@yahoo.com

روزنامہ شمال سوات

ایڈیٹوریل / کالم و مضامین

بزنس کمیونٹی نے،ملکی معیشت کے استحکام میں ہمیشہ قابل قدر کردار ادا کیا ھے

گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی سے جمعہ کے روز ہری پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر صفدر زمان شاہ کی قیادت میں نمائندہ وفد نے گورنر ہاوس میں ملاقات کی۔ وفد میں سابق صدور حاجی منظورالہی اور ملک محمد نذیر سمیت محمد صابر اور صاحب خان بھی شامل تھے۔ میئر پشاور حاجی زبیر علی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وفد نے میئر پشاور حاجی زبیر علی کو یوم پاکستان کے موقع پر صدارتی اعزاز تمغہ امتیاز حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور انہیں گلدستے پیش کئیے۔ وفد نے اس امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حاجی زبیر علی بھی اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عملی زندگی میں مزید کامیابیاں سمیٹیں گے۔ میئر پشاور نے وفد کے شرکاء کاشکریہ ادا کیا۔وفد کے شرکاء نے گورنر کو تاجر برادری کو درپیش بعض مسائل سے بھی آگاہ کیا اور اُن کے حل کیلئے تجاویز پیش کیں۔اس موقع پر گورنر نے کہا کہ بزنس کمیونٹی اس ملک کا فخر اور قیمتی آثاثہ ہیں اور ملکی معیشت کے استحکام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ملکی معیشت کے استحکام میں ہمیشہ قابل قدر کردار ادا کیا ہے، بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گذشتہ روز وفاقی وزیر تجارت سے اسلام آباد میں ملاقات کی ہے اور وفاقی وزیر کو صوبے کی بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل بالخصوص تجارتی سرگرمیوں کیلئے سرحدوں سے متعلق امور،بجلی اور گیس کی حالیہ قیمتوں سے متعلق تاجروں وصنعتکاروں کے تحفظات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ انڈسٹریز کی ترقی ملکی معیشت کی ترقی ہے،صنعت و انڈسٹری سے ملکی معیشت کا پہیہ چلتا ہے اور موجودہ حکومت کی بھی یہ خواہش ہے کہ بزنس کمیونٹی کو تمام سہولیات مہیاں کئے جائیں۔☆☆☆

جینا بھی عذاب بن گیا

جمہور کی آواز
ایم سرور صدیقی

ماہ صیام میں اشیائے خوردونوش اور فروٹ کے نرخوں میں مسلسل اضافہ دیکھ کر لگتا ہے پاکستان میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے ہر ضلع میں ڈپٹی کمشنر،اسسٹنٹ کمشنرز اور افسروں کی فوج ظفر موج کے باوجود عوام کا کوئی پرسان حال نہیں آخر انتظامیہ کسی مرض کی دوا ہے۔کوئی ہے اس سوال کا جواب۔ کسی کے پاس؟؟؟ سیاسی افراتفری، معیشت کے عدم استحکام اور خوفناک مہنگائی کے ماحول میں 13 جماعتی حکومتی اتحاد PDM حکومت نے نے پھر پٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنے کا اعلان کردیا ہے گذشتہ دنوں پھر بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کردیا گیا لوگوں کو سوئی گیس کی بل اس قدر زیادہ آئے ہیں کہ لوگوں کی چیخیں نکل گئی ہیں عورتیں جھولیاں اٹھا اٹھا کر یہ سلیب بنانے والوں کو بددعائیں دیتی پھرتی ہیں یعنی اس حکومت نے عوام کا جینا عذاب بناڈالا ہے یہ ماہانہ مہنگائی کی قسط ہے لیکن خدشہ ہے کہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا نہ ہوسکا تو پھر عوام کی شامت آجائے گی یا حکومت IMF سے قرضہ لینے کے لئے ان کے مطالبات کے سامنے ڈھیر ہوجائے گی پھر بجٹ کا خسارا اور ٹیکس کا ہدف پورا کرنے کیلئے عوام پر سائنٹیفک طریقے سے ٹیکس لگانے کیلئے نئی نئی سکیمیں تیار کی جائیں گی اتنے ایک دور تھا جب بجٹ پیش کیا جاتا تو سال بھر قیمتوں میں استحکام رہتا انتظامیہ اور صوبائی و وفاقی حکومتیں سختی سے گراں فروشوں کے خلاف ایکشن لینا اپنا فرض سمجھتی تھیں اب تو حکومت بجٹ کا تو تکلف ہی کرتی ہے ورنہ پتہ ہی نہیں چلتا کب بجٹ آیا کب گیا؟ نئے مالی سال کا آغاز ہو،منی بجٹ یا معمول کے حالات گرانی ہے کہ بڑھتی ہی چلی جارہی ہے حسب معمول کہا جاتا ہے کہ سب اچھا ہے عوام پر کوئی بوجھ نہیں پڑے گا اب معلوم نہیں یہ کون سے عوام ہیں جن پر کوئی بوجھ نہیں پڑتا پاکستان کی ہر حکومت غریب عوام کو خوش کرنے کیلئے نہ جانے کتنے وعدے اور ان گنت کرتی ہے پھر مافیا نت نئے بحران ارینج کرتے ہیں کبھی آٹا کبھی چینی،کبھی آلو کبھی پیاز اور کبھی ٹماٹر نہیں ملتی اوور لوگ پھر پاگلوں کی طرح خریداری کرتے ہیں جس سے چیزیں اور مہنگی ہو جاتی ہیں ایک اور بات ہمیشہ سیاسی افراتفری کے ماحول یا کمزور حکومتوں کے دور میں قیامت خیز مہنگائی ہو جاتی ہے پھر عام آدمی اس بوجھ تلے دب کر چوں بھی نہیں کرسکتا رہی سہی کثر منی بجٹ میں ٹیکسز لگا کر عوام کا دھڑن تختہ کردیا جاتا ہے جس پر حکومتی ارکان بڑی ڈھٹائی سے سینہ تان کر کہتے ہیں کہ موجودہ حالات میں اس سے بہتر کوئی آپشن نہیں تھا اب عام آدمی کیا کرے جس کی قسمت میں ساری سسکنا،کڑھنا اور کوسنا ہی مقدر ہے حکمران ریونیو اکٹھا کرنے کیلئے بجلی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے اس تیز بہدف نسخے کو بلا دریغ استعمال کرنے سے ذرا نہیں چوکتے ۔حالات کا بے لاگ جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا موجودہ حکومت کے دور میں ہوشربا مہنگائی کے سارے ریکارڈ ٹوٹ چکے ہیں خود وزیر اعظم نے بھی تسلیم کیا ہے کہ غربت میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے یہ بات تو طے ہے کہ آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر بجلی ، اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھائی جاتی ہیں جس سے بدترین مہنگائی اور بے روزگاری کا طوفان آجاتا ہے یہی وجہ ہے کہ حکومت دن نے عوام کو افراط زر اور معاشی زوال کے چنگل میں پھنسا دیا ہے اشرافیہ اپنی مراعات پر کوئی کمپرو مائز نہیں کرتی عوام سے ہر وقت قربانیوں کا تقاضا کیا جاتا ہے جب سے حکومت نے اداروں اور محکموں کو خود مختار بنایا ہے انہیں شتر بے مہار آزادی مل گئی ہے ان کا بااثر لوگوں پر تو کوئی زور نہیں چلتا لیکن انہوں نے غریبوں کا جینا ضرور مشکل کردیا ہے وہ سارا سال مختلف حیلوں بہانوں سے اپنے سروسز چارجز بڑھاتے رہتے ہیں مختلف حیلوں بہانوں سے عوام سے پیسے بٹورے جا تے ہیں اور کوئی پوچھنے والا تک نہیں ،پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں اور بجلی کے نرخ تو ایک ماہ میں دو دو بار بڑھادیے جاتے ہیں عوام کی بدقسمتی یہ ہے کہ حکومت، بڑے بڑے سیاستدانوں حتی کہ اپوزیشن رہنماؤں نے بھی عوام کی طرف آنکھیں بند کرلی ہیں۔حکمران عوامی مسائل اور مشکلات سے لاتعلق ہو چکے ہیں ناقدین،اپوزیشن اور حکومت مخالف رہنماؤں کو سستی شہرت حاصل کرنے ، دل کا غبار نکالنے یا بیان بازی کا ایک بہانہ میسر آجاتا ہے ہر روز چیزوں کے نئے ریٹ عوام کا منہ چڑا رہے ہوتے ہیں بنیادی طور پر اس کی ذمہ دار حکومت ہے جس کی کسی بھی معاملہ پر گرپ نہیں گراں فروش حکومتی رٹ کیلئے چیلنج بن گئے ہیں ایک اور بات قابل غور ہے کہ جب سے حکومت نے ہر ماہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں مقرر کرنے کی نئی حکمت عملی وضع کی ہے ہر مہینے مہنگائی کی نئی لہر جنم لیتی ہے اور اس کی آڑ میں گراں فروشوں کو چیزیں مہنگی کرنے سے کون روک سکتا ہے؟ روزانہ کی بنیاد پر بڑھنے والی مہنگائی اور پے در پے منی بجٹ سے گھر گھر لڑائی جھگڑے معمول بن گئے ہیں ان حالات میں حکومت کی طفل تسلیاں کہ عوام پر کوئی بوجھ نہیں پڑے گا دعوے کو حقیقت بنانے کیلئے کچھ ناگزیر اقدامات کرنا پڑتے ہیں کچھ بے رحم فیصلے بھی۔اس کیلئے ماحول کو سازگار بنانا بھی حکومتی ذمہ داری ہے عوام کو حالات کے رحم وکرم پر چھوڑ دینے والی پالیسی زیادہ دیر تک نہیں چل سکتی بجٹ کی اہمیت اور افادیت تو اس صورت ہی ممکن ہے کہ حکومت بالخصوص کھانے پینے اشیاء،ہر قسم کی یوٹیلٹی سروسز،ادویات کی قیمتیں الغرض ہر چیز کے نرخوں کا تعین ایک سال کیلئے مقرر کرے،کسی ادارے، محکمے یا نیشنل،ملٹی نیشنل کمپنی کو ایک سال سے پہلے قیمت بڑھانے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے اس پر سختی سے عمل کروایا جائے تو نہ صرف ملکی معیشت مستحکم ہونے میں مدد ملے گی بلکہ غریب عوام بھی سکھ کا سانس لے گی ورنہ اس سے بہتر یہ ہے کہ حکومت ہر سال بجٹ پیش کرنے کا تکلف ہی نہ کرے تو وزیر خزانہ کئی کڑوے کسیلے سوالات سے بچ سکتے ہیں وزیر خزانہ اور وزیر اعظم کے دعوے اعداد وشمار کا گورکھ دھندا اور الفاظ کی جادوگری کے سوا کچھ نہیں ہوتا حالانکہ غریبوں کی فلاح کیلئے حقیقی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے ایک بات ہم کہے بغیر نہیں رہ سکتے ٹیکس نیٹ میں اضافہ اور ٹیکس چوری کا خاتمہ کئے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں لیکن اگر سال بھر پھر کوئی منی بجٹ نہ لایا جائے تو مسائل کے مارے لوگ خوشی سے نہال ہوجائیں گے ورنہ سارا سال عوام کی شامت آئی رہتی ہے۔☆

بیماریاں پھیلاتی سموگ

صدائے وقت
رانا اعجاز حسین چوہان

سرد موسم کے آغاز کیساتھ ہی سموگ کہلانے والی فضائی آلودگی روز بروز بڑھ رہی ہے اور شام کے وقت تو یہ آلودہ دھند مزید گہری اور کثیف ہو جاتی ہے جس کے باعث شہریوں کی کثیر تعداد مختلف بیماریوں مثلاً نزلہ ،زکام ،گلے کے درد ، اور آنکھوں میں جلن جیسے امراض کا شکار ہورہی ہے۔ گزشتہ چار پانچ سالوں سے سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی ملک کے مختلف حصوں میں اس کے اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ سموگ کے مضر صحت اثرات سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے بارے میں مکمل آگاہی حاصل کی جائے تاکہ اس کے نقصانات سے بچا جاسکے۔ سموگ آلودہ گیسوں اور مٹی کے ذرات کا مجموعہ ہے۔سموگ میں موجود دھوئیں اور دھند کے آمیزے میں کاربن مونو آکسائیڈ، نائٹروجن آکسائیڈ، میتھین جیسے مختلف زہریلے کیمیائی مادے بھی شامل ہیں اور پھر فضا میں موجود ہوائی آلودگی اور بخارات کا سورج کی روشنی میں دھند کے ساتھ ملنا سموگ کی وجہ بنتا ہے ۔ اس کے علاوہ بارشوں میں کمی، فصلوں کو جلائے جانے ، کارخانوں اور گاڑیوں کے دھوئیں اور درختوں کو کاٹ کر قدرتی ماحول میں بگاڑ پیدا کرنا سموگ کی بنیادی وجوہات میں شامل ہے۔سموگ فضائی آلودگی انسانی صحت کے لئے بے حد نقصان دہ ہے۔سموگ زدہ ماحول میں سانس لینے سے گھٹن اور آلودگی کا احساس ہوتا ہے ۔فضا میں موجود سلفیٹ اور کاربن مونو آکسائیڈ کی بڑھتی ہوئی مقدار زمین پر بسنے والے انسانوں کے پھیپھڑوں اور دل کے نظام کے علاوہ جلد اور گلے کو متاثر کرسکتی ہے۔ اگر کسی فرد کو سموگ کی وجہ سے انفیکشن شروع ہو جائے تو سب سے پہلے گلے میں خراش یا زخم ہوجانے کے ساتھ ساتھ آواز بیٹھ سکتی ہے، مسلسل خشک کھانسی ہو سکتی ہے۔چھینکیں آنا شروع ہوسکتی ہیں، حلق میں ریشہ پیدا ہوسکتا ہے، آنکھوں میں بھی شدید چبھن یا جلن ہونا شروع ہو سکتی ہے۔ دل کے امراض، پھیپھڑوں کے امراض اور سانس کی بیماریاں لاحق ہوسکتی ہیں۔ یہ تمام شکایات ایک تندرست آدمی کو سموگ کی وجہ سے پیدا ہوسکتی ہیں۔ اور جو افراد پہلے سے ہی سانس کی مختلف بیماریوں مثلاً دمہ، پھیپھڑوں کے کینسر اور سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہیں، ان کے لئے سموگ زہر قاتل ہے اور ایسے افراد کے لئے مزید بیماریوں کا باعث بن سکتی ہے ۔فضائی آلودگی سے عمر رسیدہ افراد حاملہ خواتین اور چھوٹے بچے کمزور مدافعتی نظام ہونے کی وجہ سے زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔سموگ میں موجود اوزون سے محفوظ رہنے کے لئے آنکھوں پر بھی حفاظتی چشمے استعمال کرنا چاہیے۔اس کے علاوہ سموگ والے علاقوں میں زیادہ محنت و مشقت ، بھاگنے ، دوڑنے ، ورزش اور کھیل کود سے اجتناب کرنا چاہیے کیونکہ سموگ کی وجہ سے ہوا کا پریشر زمین پر کم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے سانس پھولنا شروع ہوجاتا ہے اور پھر سانس لینے میں مشکل پیش آسکتی ہے اور اگر سانس اکھڑ جائے تو سانس بحال ہونے میں وقت ہوتی ہے ۔ انسانی صحت کے ساتھ ساتھ سموگ درختوں اور پودوں پر بھی نقصان دہ اثرات مرتب کرتی ہے اور اس کی وجہ سے درختوں کے مسامات بند ہو جاتے ہیں اور اس طرح ماحول میں آکسیجن کی کمی ہو جاتی ہے جو بلاواسطہ انسان کے لئے بھی نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔اگر ہم سموگ سے آلودہ کسی علاقے میں موجود ہیں تو ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ سموگ کے دوران ماسک سے چہرے کو مکمل طور پر ڈھانپ کر رکھیں اور گھر کے دروازے اور کھڑکیوں کو بند رکھیں۔فضا کو صاف کرنے والے مختلف فلٹرز اور ایسے جدید آلات دستیاب ہیں جن کو استعمال کرکے ہم اپنے گھروں،دفاتر اور گاڑیوں کی فضا کو صاف رکھ سکتے ہیں۔ سردیوں میں سموگ کے اثرات کم کرنے کے لیے، صبح شام لیمن گراس قہوہ استعمال کرنا چاہئے ۔ ڈرائی فروٹ استعمال کرنا چاہئے۔ ہر ممکن احتیاط کے علاوہ ہمیں اپنے علاقے میں موجود پودوں اور درختوں کو کاٹنے سے اجتناب کرنا چاہئے اور درختوں میں اضافہ کرنا چاہئے ۔اس کے علاوہ گاڑی چلاتے وقت گاڑیوں کی رفتار دھیمی رکھنا اور فوگ لائٹس کا استعمال کرنا چاہئے ۔وہ لوگ جو دمے یا سانس کی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہیں انہیں زیادہ رش یا ٹریفک جام والی جگہوں پر جانے سے اجتناب کرنا چاہئے،تاکہ مختلف بیماریوں کا باعث بننے والی خطرناک سموگ کے زہریلے اثرات سے بچا جاسکے۔

درویش کی دعا

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

افزائش نسل اور کرہ ارضی کو آباد کرنے کے لیے خالق کائنات نے مشت غبار حضرت انسان کی تخلیق میں جنس مخالف کی کشش کوٹ کوٹ کر بھر دی ہے جیسے ہی کوئی ذی روح بچپن سے بلوغت کے ہیجان انگیز نشیلے دور میں داخل ہوتا ہے وہ عجیب سے سرور آمیز کیف سحر کا شکار ہو کر جنس مخالف کا طواف کرتا نظر آتا ہے اُس کی ترجیح اول صرف اور صرف جنس مخالف ہی نظر آتی ہے وہ دنیا بھر کے ہنگاموں رنگوں سے منہ موڑ کر جنس مخالف کی گلی کا چکر لگاتا نظر آتا ہے اور اگر کوئی پسند آجائے تو پھر اُس کا قرب محبت حاصل کرنے کے لیے وہ تن من جان کی بازی لگا کر اُس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے دن رات ہر سانس کے ساتھ صرف ایک ہی جذبہ کوشش کہ کس طریقے سے محبوب کو حاصل کیا جاسکے وہ دنیا کے سارے کام چھوڑ کر کوچہ جاناں کا غلام بنا نظر آتا ہے گھر خاندان شہر کی ہر ممکن مخالفت اُس کو اُس کے مشن تلاش سے دور نہیں کرتی وہ ہر حال میں محبوب کو حاصل کرنا چاہتا ہے جب دنیاوی ساری چالیں کوششیں حربے ناکام ہو جائیں تو پھر یہ پیار کے کبوتر مزاروں بابوں آستانوں پر دامن مراد پھیلائے کھڑے نظر آتے ہیں صاحب مزار اور سجادہ نشینوں کی رضا توجہ کے لیے اپنے سارے وسائل قدموں میں ڈھیر کر دیتے ہیں کہ کسی نہ کسی طرح بزرگ کو راضی کر کے محبوب کو حاصل کرسکیں اگر کوئی نیک بندہ اگر ان کو یہ سمجھائے کہ تم غلط محبوب کے پیچھے پڑے ہو اِس محبوب کو تم حاصل نہیں کر سکتے لہذا محبوب کو پانے کو خیال دل سے نکال دو کسی دوسری لڑکی یا لڑکے کو پسند کر لو تو یہ اگلا سوال یہ کرتے ہیں کوئی وظیفہ یا چلہ جس کے ذریعے میں اپنے محبوب کو حاصل کر سکوں جب بزرگ انکار کر کے تو یہ اُس بزرگ کو چھوڑ کر کسی دوسرے بزرگ یا بنگالی بابے کے در پر دولت لٹاتے نظر آتے ہیں اِن کا مذہب صرف اور صرف یہی ہوتا ہے کہ کسی نہ کسی طرح سے محبوب کو حاصل کیا جائے ان کے کانوں پر کوئی نصیحت مشورہ اثر نہیں کرتا یہ صرف اپنی مرضی کی بات سننا پسند کرتے ہیں میں جب خدمت خلق کے مشن پر لگا تو باقی آستانوں کی طرح میرے پاس بھی سب سے زیادہ یہی لوگ آنا شروع ہوئے جو ادب احترام کے سارے ریکارڈ توڑتے ہیں میری یا کسی بزرگ کی توجہ حاصل کرنے اپنی بات منوانے کے لیے ہر حربہ استعمال کرتے ہیں یہ سارے کے سارے شدت پسند ضدی اپنی مرضی کے مالک ہوتے ہیں شروع کے چند سالوں میں ہی مجھے یہ حقیقت سمجھ آگئی تھی کہ جو بھی محبت کی بیماری میں مبتلا ہوتا ہے اُس کے کان پر کوئی مشورہ نصیحت کام نہیں کرتی جب میں علم الاعداد پامسٹری سے آشنا ہوا اور انسانوں کے مزاج عادتوں سے واقف ہوا تو جب ایسے عاشق آتے اور میں ان کو سمجھانے کی کوشش کرتا کہ جس کو تم پسند کررہے ہو انتہائی ضدی گرم مزاج عاشق مزاج ہے جو مار کٹائی جسمانی تشدد پر یقین رکھتا اور تم کو جسمانی اذیت دے گا یا تمہارا محبوب عاشق مزاج ہے چند دنوں میں تم سے بے زار ہو کر کسی نئے محبوب کا طواف کرتا نظر آئے گا لہذا تم اپنی محبت سے دستبردار ہو جاؤ محبوب کو پانے کا خیال دل سے نکال دو تو ایسا عاشق سرے سے انکار کر دیتا اگر میں زیادہ اصرار کرتا تو مجھے چھوڑ کر کسی دوسرے بابے کے پاؤں دباتا نظر آتا ایسے عاشقوں کے حیران کن واقعات سے میری زندگی بھری پڑی ہے جب انہوں نے ایک دوسرے کو بڑی مشکلوں سے حاصل کیا لیکن شادی کے چند دنوں بلکہ مہینوں بعد ہی ایک دوسرے پر جسمانی حملے گولیاں برساتے یا عدالتوں میں ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ کرتے نظر آئے چند دنوں بعد ہی طلاق کے کاغذات لہراتے نظر آتے ایسے عاشقوں کو میں اپنی واچ لسٹ میں رکھتا ہوں کہ شادی کے کتنے عرصے کے بعد یہ ایک دوسرے پر جوتیاں برساتے نظر آتے ہیں زیادہ تر تو ایسے ہی تھے جن کے عشق بری طرح فلاپ ہو تے لیکن کبھی کبھی کوئی ایسا عاشق جوڑا بھی آتا ہے جو مجھے حیران کر دیتا ہے ایسا ہی جوڑا آج سے پچیس سال پہلے مجھے مری میں ملا جن کی وجہ سے میں عظیم بابا جی اللہ دتہ صاحب سے ملا مجھے بھائی جان کا فون آیا یار میرے جاننے والے آپ کے پاس انی مون کے لیے آنا چاہتے ہیں پھر مقررہ دن وہ بھی آگئے حیران کن منظر یہ تھا کہ بیگم ڈاکٹر انتہائی خوبصورت جبکہ خاوند انتہائی عام شکل کا جب کہ پتہ چلا کہ وہ شاید میٹرک پاس بھی نہیں اور درجہ چہارم کا ملازم ہے تو بہت حیرانی ہوئی کہ یہاں ایک خوبصورت ڈاکٹر لڑکی جس کے لیے رشتوں کی لائن لگی ہو اور کہاں موٹا چھوٹے قد کا سانولا خاوند دونوں کا کوئی بھی جوڑ نہیں تھا لیکن دونوں شادی کے بعد بہت خوش تھے خاوند کے مقدر پر ہر دیکھنے والا رشک کرتا کہ لنگور کے پہلو میں حور والی بات تھی میں اس کھوج میں تھا کہ کیوں کس طرح یہ جوڑا ایک ہوا اور کیسے بیگم اِس عام سے خاوند کے ساتھ بہت زیادہ خوش بھی تھی میں نے باتوں باتوں میں جب پوچھا تو خاوند بولا میرے مرشد کی خاص دعا ہے جس کی وجہ سے اللہ نے مجھے حور جیسی بیگم عطا کی نہیں تو مجھے تو گاؤں کا کمزور سے کمزور گھرانہ بھی رشتہ نہیں دیتا پھر اُس نے بتایا وہ کس طرح بابا اللہ دتہ مرحوم کے پاس گیا انہوں نے کہا جاؤ جس کو تم پسند کرتے ہو تمہاری اُس سے شادی ہوگی پھر دونوں کی شادی ہو بھی گئی اگر آپ اپنے اطراف میں ایسے کسی جوڑے کو دیکھیں تو چند مہینوں بعد ہی ان کی لڑائیاں زبان عام پر ہوتی ہیں اور پھر یہ غیر فطری جوڑا طلاق لے کر ایک دوسرے سے الگ ہو جاتا ہے اسی طرح میں نے بھی اس جوڑے کو واچ لسٹ میں رکھ لیا تھا کہ دونوں کے دماغوں پر جو عشق کا بھوت سوار ہے یہ کتنے دنوں یا مہینوں تک چلتا ہے کب یہ عشق کا بھوت اترے گا اور یہ دونوں جدا ہو نگے کیونکہ باقی اکثر عشق کے کبوتروں کے معاملے میں یہی دیکھا کہ چند دنوں یا مہینوں کے بعد ہی یہ دور ہو جاتے ہیں میں دنیا کے رنگوں میں مصروف ہوتا چلا گیا لیکن یہ جوڑا کبھی کبھار میرے دماغ پر دستک ضرور دیتا اور میں سوچتا پتہ نہیں ان دونوں کا عشق ابھی تک قائم ہے یا وقت کا غبار دونوں کے عشق کو کھا گیا اور پھر ہمیشہ کی طرح اللہ نے میرے اِس سوال کا جواب بھی چند دن پہلے دے دیا میں آفس میں لوگوں سے مل رہا تھا ایک یونیورسٹی کی طالبہ میرے پاس درود شریف کی کاپیاں لے کر آئی اور بولی میری ماں اور بابا جان نے آپ کے یہ درود شریف کا تحفہ بھیجا ہے میں بہت خوش ہوا اُس کے والدین کا نام پوچھا تو بہت حیرت سے پوچھا تم اُن کی بیٹی ہو تو وہ بولی جی سر میرا اگلا سوال تمہارے والدین کا عشق قائم ہے یا ختم ہو گیا تو وہ بولی سر ان کا عشق پہلے دن کی طرح آج بھی قائم ہے وہ آج بھی لیلی مجنوں کی طرح زندگی گزارتے ہیں پھر بچی چلی گئی اور میں سوچنے لگا یہ بزرگ بھی کیسے لوگ ہوتے ہیں دنیا سے چلے جائیں پھر بھی اللہ اِن کی دعا اور الفاظ کی لاج رکھتا ہے اِن کا فیض ان کے جانے کے بعد بھی جاری رہتا ہے ۔

بقیہ شمال سوات 01

پیار، رواداری اور عفو و درگزر کے پیغام پر غور کرنے اور اس کو اپنانے کا موقع فراہم کرتا ہے، انہی اقدار کو اپناتے ہوئے ہم آج کی تنازعات سے بھری اس دنیا کو امن و آشتی کا گہوارہ بنا سکتے ہیں۔ وزیر اعظم نے ایسٹر 2024 کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اس پرمسرت موقع پر پاکستان کے قیام اور اس کی سماجی و اقتصادی ترقی کی جدوجہد میں اپنی مسیحی برادری کے کلیدی کردار پر انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ پاکستان کی ترقی اور استحکام میں اپنا فعال کردار ادا کرتے رہیں گے، ہمیں فخر ہے کہ پاکستان مختلف عقائد اور ثقافتوں کا خوبصورت امتزاج ہے، آئیں ہم ایک روادار اور مربوط معاشرے کی تعمیر کیلئے متحد ہو کر کام کریں، آئیں ہم مل کر ان ملک دشمن قوتوں کو شکست دیں جو ہمارے معاشرے کے تانے بانے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہی ہیں۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ آج کے دن ایک بار پھر سے ہم اپنی تمام اقلیتوں کی سماجی ترقی اور فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، ہماری تمام مسیحی برادری کو پرامن ایسٹر مبارک ہو۔

بقیہ شمال سوات 02

موجود ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومت سے خواجہ سراؤں کیلئے بھی بھرتیوں میں کوٹہ مقرر کرنے اور اس پر عملدرآمد سے متعلق بات کی جائیگی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ثوبیہ خان کی سربراہی میں خواجہ سراؤں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفد میں فرزانہ ریاض، آرزو اور واجد سمیت دیگر شامل تھے۔ میئر پشاور حاجی زبیر علی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وفد نے گورنر کو خواجہ سراؤں کو درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا۔ وفد نے گورنر سے شہر میں خواجہ سراؤں کے لیے قبرستان مختص کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ انہیں اپنی کمیونٹی کی میتیں دفنانے میں معاشرے کی جانب سے مشکلات کا سامنا ہے۔ وفد نے ہسپتالوں میں علاج معالجے، وراثت میں حصہ، مخصوص شناختی کارڈ، خواجہ سراؤں کیلئے ٹیکنیکل ایجوکیشن اور روزگار کی فراہمی سمیت سکیورٹی اور پولیس رویے سے متعلق شکایات سے بھی آگاہ کیا اور کہا کہ خواجہ سراء معصوم لوگ ہیں، حکومت اور عوام ہم کو شفقت کی نظر سے دیکھے۔ ہمیں آج تک کسی وفاقی و صوبائی حکومت نے رمضان پیکج نہیں دیا۔ گورنر نے وفد کو درپیش بعض مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی متعلقہ حکام سے بات کی اور دیگر مسائل کے حل کیلئے بھی اپنی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ پشاور میں مقیم تمام خواجہ سراؤں کو گورنر ہاؤس میں خصوصی طور پر مدعو کر کے رمضان پیکج کی شکل میں مالی امداد کروں گا، انہوں نے کہا کہ خواجہ سراؤں کی اکثریت معاشرے میں باعزت مقام اور روزگار چاہتی ہے، ٹیکنیکل ایجوکیشن دے کر خواجہ سراؤں کو روزگار کی سہولتیں مہیا کرنے کے اقدامات اٹھائے جائیگے۔ خواجہ سراؤں کیلئے قبرستان مختص کرنا اور جنازے کے حوالے سے مسائل کے حل کیلئے بھی فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے، گورنر نے کہا خواجہ سراء بھی ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں اور ان کو انکے حقوق دیے جائیں گے

بقیہ شمال سوات 03

شمار کے مطابق 2022 میں 1 اعشاریہ صفر 1 ارب ٹن (تقریباً 19 فیصد) خوراک ریٹیلرز، گھروں سے باہر کھانے پینے کی جگہوں پر اور گھروں میں ضائع ہوئی اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت نے بتایا کہ مزید 13 فیصد خوراک اجناس کی کٹائی سے فروخت تک ترسیلی مراحل میں ضائع ہوئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دنیا میں سب سے زیادہ خوراک گھروں میں ضائع ہوتی ہے جس کا سالانہ حجم 63 کروڑ 10 لاکھ ٹن ہے یہ ضائع ہونے والی مجموعی خوراک کا تقریباً 60 فیصد بنتا ہے باہر کھانے پینے کی جگہوں اور خرید و فروخت کے دوران بالترتیب 18 کروڑ اور 13 کروڑ 10 لاکھ ٹن خوراک ضائع ہوتی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہر فرد سالانہ اوسطاً 79 کلو خوراک ضائع کرتا ہے جس سے بھوک سے متاثر ہر فرد کو روزانہ 1.3 کھانے فراہم کیے جاسکتے ہیں "یو این ای پی" کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر انگر اینڈرسن نے بتایا کہ یہ ایک عالمگیر المیہ ہے، خوراک ضائع ہونے کی سبب لاکھوں افراد بھوکے ہیں انہوں نے کہا کہ اس مسئلے سے نا صرف عالمی معیشت پر منفی اثر پڑتا ہے بلکہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات اور آلودگی میں بھی اضافہ ہوتا ہے

بقیہ شمال سوات 04

ملزمان گرفتار نہیں ہوسکیں۔ شریف شہری ہوں اور علاقہ میں امن و امان کی بحالی کیلئے ہمیشہ انتظامیہ سے تعاون کیا ہے مگر میرے بیٹے سے رقم چھینے کے کیس میں لیویز اہلکار ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سخاکوٹ کے علاقہ زریانگی شاہ سے تعلق رکھنے والے سابقہ کونسلر علی رحمان صدر صیب نے ایک اخباری بیان میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً ایک ہفتہ قبل میرا بیٹا نیاز علی اپنے دکان کیلئے سامان خریدنے کی غرض اپنے لوڈر گاڑی میں پڑوسی کے ہمراہ جا رہا تھا کہ اس دوران مسلح موٹر سائیکل سواروں نے انہیں روک کر ایک لاکھ روپے نقد، موبائل فون اور شناختی کارڈ چھین کر فرار ہو گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ علاقہ زیانگی شاہ ایک پرامن علاقہ ہے اور یہاں پر اس طرح کا واقعہ رونما ہونے کے بعد علاقہ کے لوگوں میں سخت تشویش پائی جاتی ہیں کیونکہ اس طرح کے واقعات سے شریف شہریوں کی زندگی اجیرن ہوجائے گی۔ انہوں نے دھمکی دی کہ اگر انتظامیہ میرے بیٹے سے رقم چھینے والے رہزنوں کو پکڑنے میں ناکام ہوئے تو علاقہ کے لوگوں کو احتجاج کی کال دیکر بھرپور احتجاج کرینگے

بقیہ شمال سوات 05

میں تبدیلی لائیں گے۔

بقیہ شمال سوات 06

کی تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت دکھ کی اس گھڑی میں متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے، انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ان کی ہر ممکن معاونت کی جائے گی اور اس مقصد کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے ان حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے جبکہ جاں بحق افراد کی مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ان حادثات میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کے لئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ نے متعلقہ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کو متاثرین کو فوری ریلیف جبکہ زخمیوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مزید ہدایت کی ہے کہ بارشوں کے نتیجے میں لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے بند ہونے والی رابطہ سڑکوں اور دیگر انفراسٹرکچر کی بحالی کے لئے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں اور مزید کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے موثر انداز میں نمٹنے کے لئے ضروری تیاریاں مکمل رکھی جائیں

بقیہ شمال سوات 07

امیدوار اسد اللہ خان ایڈووکیٹ صدر، امجد نواز جنرل سیکرٹری، ارشد خان نائب صدر، شفقت اللہ جائنٹ سیکرٹری، مقدر شاہ فنانس اور ذیشان خان لائبریری سیکرٹری قرار پاگئے بعد ازاں چکدرہ پریس کلب میں اظہار خیال کرتے ہوئے نومنتخب صدر کہا کہ ان کی کابینہ علاقے کے عوام کو بروقت انصاف کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے گی اور ہر ظالم کے مقابلے میں مظلوم کی حمایت کرے گی انہوں نے کہا کہ وہ وکلاء برادری کے حقوق کے حصول سمیت بار اور بنچ میں بہتر روابط قائم کرنے کی کوشش کرے گی۔

بقیہ شمال سوات 08

کریم شاہ سکنہ باجوڑ و کورونہ تحت بھائی کے رپورٹ پر روزنامچہ 161 کے تحت مقدمہ درج کرکے اندھے قتل کے باریک بینی سے تفتیش اور ملزمان تک رسائی حاصل کرنے کے لئے کوشش شروع کر دی۔

بقیہ شمال سوات 09

جانیوالے اقدامات، اس سلسلے میں آگے کے لائحہ عمل اور محکمہ کے دیگر معاملات سے متعلق وزیر اعلیٰ کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی خالد لطیف، وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری امجد علی خان، سیکرٹری سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی محمد علی شاہ کے علاوہ انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ متعلقہ حکام کی طرف سے بریفنگ دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ حکومتی امور اور شہری سہولیات کی فراہمی کو ڈیجیٹائز کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل لیٹریسی کے فروغ، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی، ڈیجیٹل اکانومی کے فروغ سمیت متعدد شعبوں میں زیادہ سے زیادہ انفارمیشن ٹیکنالوجی متعارف کرانے کے لئے متعدد منصوبوں پر کام کر رہا ہے جن کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں۔ ان منصوبوں اور اقدامات میں ڈیجیٹل گورننس، پبلک سروس ڈیلیوری، سٹیزن فیسیلیٹیشن سنٹرز، ڈیجیٹل ورک اسپیس، ڈیجیٹل اسٹیمپنگ، انٹیگریٹڈ فارمر رجسٹری، سپلائی چین مینجمنٹ سسٹم، وزیٹرز مینجمنٹ سسٹم، ڈیجیٹل ایسسمنٹ پلیٹ فارم، آن لائن ایڈمیشن سسٹم، ای مینٹ سسٹم، آن لائن اسلحہ لائسنس، ڈیجیٹل انٹرپرینیورشپ، ٹیلنٹ مینجمنٹ پلیٹ فارم، ڈیجیٹل اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام اور دیگر شامل ہیں۔ موجودہ دور میں زندگی کے تمام شعبوں میں انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری امور میں شفافیت اور سرکاری محکموں کی استعداد کار کو بڑھانے اور کم سے کم وقت اور وسائل میں زیادہ کام کرنے کے لئے سرکاری امور کو ڈیجیٹل اور آن لائن سسٹم پر منتقل کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ اس طرح ڈیجیٹل اکانومی کی طرف جانے کے لئے نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹل اسکلز سکھانے اور ڈیجیٹل انٹرپرینیورشپ کو فروغ دینا اور شہریوں کی سہولت کے لئے شہری خدمات کی آن لائن فراہمی وقت کا اہم تقاضا ہے جس کے لئے ایک جامع منصوبہ بندی کے تحت کام کرنے کی ضرورت ہے اور موجودہ صوبائی حکومت اپنے ڈیجیٹل خیبر پختونخوا وژن کے تحت آگے بڑھے گی اور اس سلسلے میں جدید انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کا موثر استعمال عمل میں لائے گی۔ خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تحت اقدامات کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی خدمات کی آن لائن فراہمی، ڈیجیٹل اسکلز، ڈیجیٹل انٹرپرینیورشپ سے متعلق پروگراموں کے بارے میں لوگوں کو آگہی دینے کے لئے ان پروگراموں اور سہولیات کی تشہیر کی جائے اور اس مقصد کے لئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا موثر استعمال عمل میں لایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ شمال سوات 10

پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت مسیحی برادری کی خوشیوں میں شریک ہے۔ یہاں سے جاری اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو بحیثیت شہری ہر قسم کے مساوی حقوق حاصل ہیں، ہمارا مذہب اسلام اقلیتوں کو مساوی حقوق دینے کا درس دیتا ہے اور ہمارا آئین انہیں اپنی مذہبی عبادات، رسومات اور تہواروں کو پوری آزادی سے منانے کی ضمانت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بسنے والی اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود، ان کی جان و مال اور آئینی حقوق کا تحفظ موجودہ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جس یقینی بنانے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ملک کی تعمیر و ترقی میں مسیحی برادری کا بھرپور کردار رہا ہے جسے پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ ملکی و عالمی صورتحال اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ ہر سطح پر بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے۔

بقیہ شمال سوات 11

حربیوں کے احکامات پر مت چلیں ورنہ ہمیں قبلہ درست کرنے کا طریقہ بھی آتا ہے ان کا کہنا تھا کہ مردان میں پاکستان تحریک انصاف کو ووٹ دینے پر شہریوں کو سزا کا یہ سلسلہ انتقامی احمقانہ عمل ہے۔ انہوں نے کہا تمام شہریوں کو یکساں خدمات فراہم کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مردان میں ناروا لوڈ شیڈنگ کے حوالے شہریوں کے احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے کیا احتجاج سے خطاب کرتے ہوئے ظاہر شاہ طورو نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی گزشتہ دور حکومت میں ٹرانسفرز کی مرمت فری میں ہوتا تھا اور اب واپڈا پیسے لے رہے ہیں صوبائی وزیر نے واپڈا اہلکاروں کا غریب شہریوں کیساتھ رویہ کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ واپڈا حکام تین چار روز کے اندر اندر ناروا لوڈشیڈنگ ختم اور اپنا رویہ درست کریں اور اگر ایسا نہیں کیا تو انکا رویہ درست کرکے مردان میں واپڈا حکام کے دفتروں کو تالے لگائیں گے

بقیہ شمال سوات 12

ہو گئے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ بار سوات ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے سال 2024,25 منعقد ہوئے انتخابات کے موقع پر سخت سیکورٹی کے انتظامات کیے گئے سوات بار ایسوسی ایشن حتمی نتائج کے مطابق فہیم نعیم نے 121 جبکہ انکے مدمقابل سعید خان نے 110، ملک سرور خان نے 112 اور سید جہانزیب نے 112 ووٹ حاصل کیے جنرل سیکرٹری کے عہدے پر عبیداللہ نے 157 جبکہ انکے مخالف زرہ ور خان نے 149 اور شبیر نے 143 ووٹ لیے نائب صدر کے عہدے پر محمد اشرف نے 278 اور انکے مخالف ساجد علی نے 170 ووٹ حاصل کیے جائنٹ سیکرٹری کے عہدے پر حذیفہ نے 228 جبکہ مخالف عدنان نے 124 ووٹ لیے فنانس سیکرٹری کے عہدے پر عیسیٰ فضل نے 174 جبکہ مخالف اظہار خان نے 148 ووٹ حاصل کیے جبکہ صنم فریال لائبریری سیکرٹری بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔

بقیہ شمال سوات 13

مجبور ہوگا، صوبائی حکومت اس معاملے پر پیر کو سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کر چکی ہے۔ الیکشن کمیشن نے امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کردی ہے، سینیٹ کی 30 خالی نشستوں کے لیے 59 امیدوار میدان میں ہیں، سندھ کی 12، خیبر پختونخوا کی 11، پنجاب کی 5 اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی 2 نشستوں پر مقابلہ ہوگا۔ بیلٹ پیپر کی طباعت اور ریٹرننگ افسران کو الیکشن مواد کی ترسیل کا کام مکمل ہوگیا ہے۔

بقیہ شمال سوات 14

کے ذرائع کے مطابق میٹر ٹیمپرنگ کی مد میں 514 میٹروں اور 229 ڈائریکٹ گیس استعمال کرنے والے صارفین کو اس مد میں جرمانہ کیا گیا ہے۔ ریجنل مینیجر سوئی گیس مردان ریجن عاکف نور کی قیادت میں گیس لاسز کم کرنے کے حوالے سے ہر ممکن کوشش اور تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ لاسز میں کمی کی ایک وجہ پرانی بوسیدہ لائنوں کی تبدیلی بھی ہے۔ اس سال ابھی تک 60 کلومیٹر پرانی لائنوں کی تبدیلی کا کام جاری ہے جس سے نہ صرف گیس لاسز میں کمی آئی ہے بلکہ گیس کی ترسیل بھی کافی بہتر ہوئی ہے۔ ریجنل مینیجر سوئی ناردرن گیس عاکف نور نے مزید بتایا کہ رمضان المبارک میں گیس کی فراہمی اور صارفین کی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے سچوایشن روم کام کر رہا ہے جس میں چوبیس گھنٹے ایک آفیسر ڈیوٹی پر موجود رہتا ہے، گیس کی چوری اور دیگر شکایات کے لئے ہیلپ لائن 1199 پر شہری اطلاع کریں گیس چوری کی اطلاع دہندہ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ شمال سوات 15

رنج و افسوس اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ متاثرین کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں زاہد چمن زیب نے کہا کہ اس قدرتی آفت کے دوران جن لوگوں کے پیارے جاں بحق یا زخمی ہوئے یا ان کی فصلوں، باغات اور دیگر قیمتی املاک کو نقصان پہنچا وہ اپنی اور صوبائی حکومت کی جانب سے ان سے گہری ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں امتحان کی اس گھڑی میں صبر و استقامت عطا فرمائے اور عوام کو مزید قدرتی آفات سے محفوظ رکھے۔ زاہد چمن زیب نے بارشوں کی وجہ سے مختلف حادثات میں جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا بھی کی۔

بقیہ شمال سوات 16

میں سوات، بٹ خیلہ اور دیر کی سوئی گیس ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس آپریشن کی سربراہی سب ایریا انچارج سوات کررہے تھے جس میں ایگزیکٹو انجینئر بٹ خیلہ اور ان انچارج سی سی دیر نے بھی حصہ لیا۔ سوئی ناردرن گیس کمپنی کے ریجنل ہیڈ میرویس خان کے مطابق اپریشن لوگوں کی جانب سے مسلسل مزاحمت کی وجہ سے علی الصبح کیا گیا اور اس دوران چار انچ کا ساڑھے 4 کلومیٹر غیر قانونی پائپ منقطع کردیا گیا۔ انچارج کے مطابق اس پائپ لائن سے ان چھ دیہات میں 450 سے زائد غیر قانونی کنکشن حاصل کرکے کروڑوں روپے کی چوری کی جارہی تھی جس پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ غیر قانونی طور پر گیس استعمال کرنے والے افراد کی تفصیلات اکٹھی کی جارہی ہیں اور ان افراد کے خلاف متعلقہ تھانوں میں قانونی کارروائی کے لئے باقاعدہ مراسلے ارسال کئے جارہے ہیں۔

بقیہ شمال سوات 17

چوکوں اور چوراہوں میں لگاء جائیں گی تاکہ عوام انکا سوشل بائیکاٹ کریں۔ دوسرے مرحلے میں انکے ضامنوں کی تصاویر بھی آویزاں کی جائیں گی(ڈی پی او مانسہرہ) کیمونٹی پولیسنگ پر یقین رکھتا ہوں اور کیمونٹی کے تعاون سے ضلع مانسہرہ کو جرائم سے پاک ضلع بنائیں گے(ڈی پی او مانسہرہ)منشیات مافیا کے خلاف سخت سے سخت قانونی کاروائی جائے گی جبکہ ضلع کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کرنے کیلئے میرے سمیت پولیس کا ہر آفسر اور جوان اپنے اپنے نام کا ایک درخت لگائے گا(ڈی پی او مانسہرہ)تفصیلات: ڈی پی او مانسہرہ کی جانب سے عوام کی مسائل سننے اور انکے حل کے لیے مانسہرہ پولیس کی کمان سنبھالنے کے تیسرے ہی دن کھلی کچہری کا انعقاد، علماء اکرام، انجمن تاجران، بلدیاتی نمائندگان، میڈیا کے نمائندگان، معززین علاقہ اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ ڈی پی او مانسہرہ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کھلی کچہری کا مقصد آپ کے مسائل سن کران کو فوری طور پر حل کرنا ہے۔ عوام کے مسائل بروقت حل کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ ہم اپنے تمام وسائل بروئے کار لاکر آپ کے لئے ہر ممکن آسانیاں پیدا کریں گے۔ دوران کھلی کچہری شرکاء نے اپنے علاقوں کے مسائل اور ذاتی مسائل سے ڈی پی او مانسہرہ کو آگاہ کیا۔ ڈی پی او مانسہرہ نے مسائل کی درست نشاندہی پر شکریہ ادا کیا اور شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہوئی کہ آپ نے ہمیں مسائل کے نشاندہی کروائی۔ ہمارے معاشرے میں منشیات فروشی جیسے ناسور کاروبار میں ملوث افراد کی نشاندہی اور اپنے علاقہ کو منشیات جیسے زہر سے خاتمے کے لئے عوام الناس کا تعاون ضروری ہے۔ سرکل ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو سختی سے ہدایات دی گئی ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائیں اور کسی قسم کی کوئی نرمی نہ برتی جائے۔ تھانوں میں آنے والے سائلین کے ساتھ اچھے اخلاق اور رویہ سے پیش آئیں اور تمام سائلین کے مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کریں۔ ڈی پی او مانسہرہ نے شرکاء کو یقین دلایا کہ مسائل کی بروقت نشاندہی کریں اور میرے و دیگر پولیس افسران کے دفاتر عوامی شکایات کے ازالہ کے لئے بروقت کھلے ہیں ہم بلا تفریق و امتیاز قانون کے عمل داری کو یقینی بنائیں گے۔

THE DAILY SHAMAL SWAT KPK PAKISTAN
روزنامہ
شمال سوات
غلام فاروق
ایڈیٹر

بچوں کی دنیا

درختوں کی بددعا

دانش میٹرک کا طالب علم تھا۔ بڑا ہونہار بچہ تھا درد مند دل رکھنے والا۔ کسی کو مصیبت میں دیکھتا تو فوراً اس کی مدد کو پہنچ جاتا اور اس کی مدد کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا۔ اس سے کسی کو کوئی شکایت نہیں تھی۔

ایک روز دانش اسکول سے گھر جارہا تھا تو اسے کسی کی آواز سنائی دی۔ اسے ایسا لگا جیسے کوئی بھکاری صدا دے رہا ہو۔ دانش ادھر ادھر دیکھا تو اسے درخت کے سائے میں ایک بوڑھا شخص نظر آیا، جو سر جھکائے دونوں ہاتھ مٹی میں ڈالے مسلسل صدا لگائے جارہا تھا: درخت لگاؤ ثواب کماؤ، درخت لگاؤ ثواب کماؤ۔

دانش اس بوڑھے کے قریب پہنچا تو اس نے دیکھا کہ وہ پودے لگا رہا تھا۔ دانش نے قریب پہنچ کر سلام کیا اور اجازت لے کر اس کے پاس بیٹھ گیا۔

بابا! آپ کا نام کیا ہے؟ دانش نے پوچھا۔

عرفان! بابا نے کہا۔

بابا! آپ یہاں کیوں بیٹھے ہیں اور اس طرح صدائیں کیوں لگا رہے ہیں۔ دانش نے سوال کیا۔

دانش کی بات سن کر بابا کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ دانش نے انھیں تسلی دی تو وہ آنسو صاف کرتے ہوئے بولے: ارے بیٹا یہ بہت لمبی کہانی ہے، تم جاؤ تمھیں دیر ہو جائے گی۔

نہیں بابا! آپ بتائیں مجھے دیر نہیں ہوگی۔

بابا نے کہنا شروع کیا: یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں انٹر پاس کرکے ایک لکڑی کے کارخانے میں ملازم ہوا۔ اللہ کے فضل سے میں ایک ذہین نوجوان تھا۔ تمام کام جلدی سیکھ گیا اور مہارت بھی حاصل کرلی۔ میں اپنے کام میں اتنا ماہر ہوگیا تھا کہ مجھے کسی کی رہنمائی کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوتی تھی۔ میری ذہانت اور جلد سیکھنے کی صلاحیت نے میرے اندر غرور پیدا کردیا۔ میں نے اپنی اس تبدیلی کو محسوس بھی کیا لیکن نظر انداز کردیا۔ ایک روز میں کام پر دیر سے پہنچا تو کارخانے کے مالک نے مجھے بہت ڈانٹا اور سب لوگوں کے سامنے میری بے عزتی کی۔ اصل میں وہ پہلے سے ہی کسی بات پر غصے میں بھرے بیٹھے تھے مجھے دیکھتے ہی انہوں نے سارا غصہ مجھ پر اتار دیا۔ میں نے ہمیشہ اپنا کام ایمان داری سے کیا تھا اور وقت کا بھی ہمیشہ خیال رکھا تھا اس لئے مجھے اپنے مالک کی بات بہت بری لگی اور میں نے غصے میں آکر ملازمت چھوڑ دی۔

گھر آکر میں نے اپنی ماں کا سارا قصہ سنایا، ماں نے مجھے بہت سمجھایا کہ بیٹا وہ تمہارے مالک ہیں اور عمر میں بھی تم سے بڑے ہیں، اگر انھوں نے تمہیں کچھ کہہ بھی دیا تو اس میں برائی کیا ہے۔ بڑے جو کہتے ہیں اس میں بچوں کی بھلائی ہی ہوتی ہے۔ آج کل کے نوجوانوں میں تو برداشت نام کی کوئی چیز ہی نہیں ہے۔ تم کل کارخانے جاکر اپنا کام دوبارہ شروع کرنا۔

میں نے ماں کی بات سنی ان سنی کردی اور ضد میں آکر فیصلہ کیا کہ چاہے کچھ بھی ہوجائے میں اس سیٹھ کے ہاتھوں اپنی مزید بے عزتی نہیں کرواؤں گا اور وہاں کبھی کام کرنے نہیں جاؤں گا۔ مجھے سارا کام آتا ہے، اب میں اپنا کام شروع کروں گا اور اس سیٹھ سے بھی بڑا آدمی بن کر دکھاؤں گا۔ آخر یہ سیٹھ اپنے آپ کو سمجھتا کیا ہے۔ بس اپنے فیصلے پر عمل درآمد کرنا شروع کیا اور کچھ رقم قرض لے کر کچھ ضروری مشینیں خرید لیں۔ اب مجھے لکڑی کی ضرورت محسوس ہوئی لہذا میں اپنے آس پاس کے علاقے کے درخت کاٹنے شروع کردئے تاکہ اپنا کام شروع کرسکوں۔

میری ماں نے مجھے درخت کاٹنے سے بہت منع کیا کہ بیٹا درخت لگانا اور ان کی حفاظت کرنا بہت ثواب کا کام ہے۔ درخت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ درخت ہمارے ملک کو خوب صورت اور ماحول کو خوشگوار بناتے ہیں۔ درخت ہمیں سبزیاں، پھل، جڑی بوٹیاں اور سایہ فراہم کرتے ہیں۔ درختوں کو دیکھ کر ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک اور سکون ملتا ہے۔ ہماری بینائی تیز ہوتی ہے۔ درخت ہمیں آکسیجن دیتے ہیں جو ہماری زندگی کے لئے بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ درخت ہمارے ماحول کو آلودگی سے بھی بچاتے ہیں۔

غرض میری ماں نے مجھے درختوں کے بہت فائدے بتائے اور مجھے سمجھانے کی بہت کوشش کی کہ میں درخت کاٹنے جیسے گھناؤنے جرم سے باز رہوں۔ لیکن میں اپنی ضد پر اڑا رہا اور اپنی ماں کی نصیحت کو نظر انداز کردیا۔ ایک روز میں درخت کاٹنے میں مصروف تھا کہ مجھے کسی کے کراہنے کی آواز سنائی دی میں نے ادھر ادھر دیکھا تو کوئی نظر نہ آیا۔ آواز بڑھتے بڑھتے سسکیوں میں تبدیل ہوگئی۔ لیکن میں نے آواز کی طرف توجہ نہ دی اور اپنے کام میں مصروف رہا۔ اتنے میں ایک ننھی چڑیا اڑتی ہوئی آئی اور میرے سامنے پھڑپھڑانے لگی۔ شاید وہ کچھ کہنا چاہتی تھی لیکن میں اس کی بات نہ سمجھ سکا۔

گھر آکر میں نے ماں سے اس بات کا ذکر کیا تو انھوں نے کہا کہ وہ سسکیاں ان درختوں کی تھیں جنھیں تم کاٹ رہے تھے اور وہ فریاد کررہے تھے کہ ہمیں مت مارو ہمیں جینے دو۔ اور وہ ننھی چڑیا اپنے گھر کی بربادی پر تڑپ رہی تھی اور تم سے التجائیں کررہی تھی کہ خدا کے لئے مجھے بے گھر مت کرو۔

میں نے ماں کی بات کو ہنس کر ٹال دیا کہ درخت بھلا کیسے سسک سکتے ہیں وہ تو بول بھی نہیں سکتے۔ ماں نے کہا بیٹا درخت جان دار ہیں وہ سب کچھ محسوس کرسکتے ہیں۔

وقت گزرتا گیا میں نے خوب دل لگا کر محنت کی، اپنا کارخانہ لگایا، دولت کی ریل پیل ہوگئی اور آخر کار میں سیٹھ سے بھی زیادہ دولت مند ہوگیا۔ اس دوران میری عمر بھی کافی زیادہ ہوگئی اور میری ماں بھی اللہ کو پیاری ہوگئی میں اکیلا رہ گیا۔ مرتے دم تک ماں یہی کوشش کرتی رہی اور میں ہمیشہ یہی سوچتا کہ بھلا درخت کیسے بددعا دے سکتے ہیں۔

ایک روز میں اپنے کارخانے میں کام کررہا تھا کہ اچانک کارخانے میں آگ لگ گئی۔ دھوئیں سے میرا دم گھٹنے لگا اور میں بے ہوش ہوگیا جب ہوش میں آیا تو میں اسپتال میں تھا مجھے سانس کی بیماری لاحق ہوگئی اور میرا سب کچھ جل کر راکھ ہوگیا۔ اس وقت مجھے اپنی ماں کی بہت یاد آرہی تھی، لیکن افسوس اس بات کا تھا کہ وہ اس مشکل گھڑی میں میرے ساتھ نہیں تھی۔

ایک رات ماں میرے خواب میں آئی اور مجھے پیار کرکے کہنے لگی: دیکھو بیٹا تم نے میری بات نہیں مانی اور درختوں اور ننھی چڑیا کی بددعا تمھیں لگ گئی۔ دیکھو بیٹا! پرندے، جانور اور درخت سب جان دار ہیں یہ کچھ بولتے نہیں لیکن محسوس سب کرتے ہیں۔ ان کی اندر بھی زندگی ہوتی ہے۔ اتنا کہہ کر وہ چلی گئیں۔

جب میں صبح بیدار ہوا تو میری زندگی ہی بدل چکی تھی۔ مجھے اپنی ماں کی تمام باتیں اچھی طرح سمجھ میں آچکی تھیں۔ میں نے اٹھ کر نماز ادا کی اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی اور فیصلہ کیا کہ میں اب کبھی درخت نہیں کاٹوں گا۔ بلکہ مزید پودے اور درخت لگاؤں گا۔ تاکہ میرے گناہوں کی تلافی ہوسکے اور مرنے کے بعد مجھے سکون مل سکے اسی لیے میں اور لوگوں کو بھی نصیحت کرتا ہوں کہ درخت لگاؤ ثواب کماؤ، درخت لگاؤ ثواب کماؤ۔

بابا اپنی داستان سناتے سناتے رو پڑے اور دانش سے بولے بیٹا درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے تم مجھ سے وعدہ کرو تم گھر جاکر ایک پودا ضرور لگاؤ گے اور ہمیشہ اس کا خیال رکھو گے اور اس کی بددعا سے بھی بچو گے۔

دانش نے بابا سے وعدہ کیا اور گھر پہنچ کر اس نے گھر کے باہر ایک ننھا پودا لگایا اور اس پودے کے ساتھ ایک چھوٹا سا بورڈ بھی آویزاں کردیا جس پر لکھا تھا: درخت اور پودے ہمارے بیش بہا سرمایہ ہیں' آؤ آگے بڑھو اور شجر کاری مہم میں اپنا حصہ ڈالو۔ آؤ زیادہ سے زیادہ درخت لگاؤ ثواب کماؤ۔



راستہ تلاش کریں

بلال زاہد کی سالگرہ

بقیہ شمال سوات 01

میں مسلم لیگ ن کے مفاہمت اسٹاک مارکٹوں کی بلندی اور تیزی 2018 میں عمران خان کے حکومت اور اسٹاک مارکیٹوں کی اہمیت 2024 میں صدارتی بجے والے حالات اور واقعات کے بارے میں مکمل حقیقت پاکستانی عوام کے سامنے اس کتاب کے موضوع میں کتاب کا قیمت پانچ ہزار روپے ہے۔ حالیہ معدہ کی خطرناک بیماری معدہ کے تیزابیت معدہ کے جلند پیٹ کا خراب ہونا دست استعمال کے باری میں مکمل معلومات اس کتاب کا موضوع ہے۔ پی سی بی کے بارے میں تمام تر معلومات اور Sports کے ہر میچ کے بارے میں مکمل حقیقت اس کتاب کا زینت ہے۔ HBL PSL پہلی ایڈیشن سے لیکر 9واں ایڈیشن تک تمام تر معلومات اس کتاب کا موضوع ہے۔ رواں سال 2023 میں سوات کے علاقے بادل کے مختلف قسم کے گرینیں جو کہ موسمیاتی تبدیلیوں کا ایک اہم حصہ ہے۔

بقیہ شمال سوات 02

پی موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ پتنگ کی ڈور اس کی گردن پر پھر گئی جس سے وہ زخمی ہوگیا۔ دوسری جانب ماڈل ٹان کے علاقے میں نوجوان عدنان موٹر سائیکل پر جارہا تھا کہ پتنگ کی ڈور اس کے گلے پر پھر گئی۔ دونوں افراد کو ریسکیو اہلکاروں نے طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا۔

بقیہ شمال سوات 03

کی اور ایئر بس اے 321 طیارہ نے ٹیک آف کے 50 منٹ بعد اسلام آباد ایئر پورٹ پر باحفاظت لینڈنگ کی۔ ترجمان نے بتایا کہ معائنے کے بعد طیارے کو روک لیا گیا اور مسافروں کو متبادل طیارے سے منزل پر روانہ کیا گیا جبکہ کوئٹہ ایئرپورٹ پر پرواز پی کے 326 کے مسافروں کی روانگی کئی گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئی۔

بقیہ شمال سوات 04

ملزم عمر خان سے ایک کلو 100 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم عثمان سے 5 لیٹر شراب، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم ذاکر سے 5 لیٹر شراب، رتہ امرال پولیس نے ملزم وقاص سے 30 بور پستول معہ ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم احتشام سے نائن ایم ایم پستول معہ ایمونیشن، صدر بیرونی پولیس نے ملزم کاشف سے 30 بور پستول معہ ایمونیشن اور دھمیال پولیس نے ملزم بشیر سے نائن ایم ایم پستول معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ، الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ شمال سوات 05

، آج ہم پاکستان کی ترقی میں اقلیتوں کے کردار کو سراہتے ہیں، آئین پاکستان تمام اقلیتوں کے حقوق کی ضمانت دیتا ہے، اقلیتوں کو مذہبی آزادی سمیت تمام بنیادی سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق حاصل ہیں۔ صدر مملکت نے مزید کہا کہ پاکستان اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی خوشحالی کے اقدامات کیلئے پرعزم ہے، ملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے اقلیتوں سمیت پوری قوم کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ شمال سوات 06

بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں ہوگیا اور کوسٹر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا، پولیس نے مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ شمال سوات 07

حاجی عبدالغفار سلفی، علامہ عبدالخالق فریدی، ثناء اللہ ڈار، ابوبکر قدوسی، حاجی محمد ایوب، حافظ عبدالباسط ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک میں سیکورٹی کی صورتحال انتہائی خراب ہوچکی ہے ایک طرف ملک دشمن عناصر دہشت گردانہ حملوں کے ذریعے ریاست کو نقصان پہنچا رہے تو دوسری طرف جرائم پیشہ گروہوں نے عوام کی زندگی اجیرن کرکے رکھی ہوئی ہے دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات تشویشناک ہیں چینی انجینئرز کی گاڑی پر خودکش حملہ نہایت افسوسناک ہے یہ حملہ دونوں ممالک کے تعلقات میں دراڑ ڈالنے کی سازش ہے، حکومت دہشت گردی کے واقعات میں ملوث مجرموں کو کڑی سزا دے۔ ملک میں موجود چینی شہریوں سمیت تمام غیر ملکیوں اور عوام کی حفاظت یقینی بنائی جائے۔ قومی ایکشن پلان کا ازسرنو جائزہ لے کر اسے اس کی روح کے مطابق نافذ کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کے بعد بھی ملک میں سیاسی ومعاشی استحکام کا نہ آنا لمحہ فکریہ ہے حکمرانوں کے پاس عوام کے لیے کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ مہنگائی نے زندگیوں کو اجیرن کردیا ہے، رمضان کے مہینے میں بھی مہنگائی کنٹرول نہیں ہورہی، حکومت کے پاس معیشت کی بہتری کے لیے آئی ایم ایف کے علاوہ کوئی حل نہیں، عوام اس وقت فوری ریلیف کے منتظر ہیں، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کو ایک باوقار، خوددار ملک کی حیثیت سے اپنا مقام منوانے کے لیے ضروری ہے کہ داخلی سلامتی اور امن و امان سے متعلق معاملات ٹھیک کیے جائیں انہوں نے مزید کہا کہ ریاست اور عوام کے درمیان بداعتمادی کی جو دیوار کھڑی کردی ہے اسے بلاتاخیر ڈھا کر اعتماد میں بدلنا وقت کی ضرورت ہے۔ سرکاری، حکومتی سطح پر غیر ترقیاتی اخراجات کی بھرمار، عیاشیاں، کرپشن اور قومی وسائل کا بے دریغ استعمال وضیاع قومی معیشت کے لیے زہر قاتل ہے۔ سیاسی قیادت کے درمیان ڈائیلاگ اور مفاہمت کے راستے بند ہونے سے قومی سیاست بدترین پولرائزیشن، شدت اور جذبہ انتقام سے دوچار ہے۔ حالات کا تقاضا ہے کہ حکومت، اپوزیشن اور ریاستی ادارے مل بیٹھ کر صورت حال کو درست سمت کی طرف لے جانے میں اپنا کردار ادا کریں، تاکہ خارجہ محاذ پر موجود چیلنجز کا قومی اتفاق رائے کے ساتھ جواب دیا جاسکے، وگرنہ کمزور اور بے مقصد حکمت عملی مزید نقصانات کا باعث بنے گی۔

بقیہ شمال سوات 08

نے شہری پانی کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے دو بھائیوں امیر سلطان اور محمود سلطان کو شدید زخمی کردیا اور فرار ہوگے۔ جس کی اطلاع پر زخمیوں کو ریسکیو کرکے ہسپتال میں فوری طبی امداد دے کر ایک زخمی محمود سلطان کو تشویشناک حالت کے باعث ملتان ریفر کردیا گیا۔ جبکہ دریا خان محلہ کھیمانوالا میں فائرنگ کرکے نوجوان کو شدید زخمی کردیا گیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس واقعات کے مقدمات درج کرکے مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ شمال سوات 09

بارش ہوسکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی کی ہے، اس دوران اسلام آباد اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہے گا، اسلام آباد، راولپنڈی اور صوبائی دارالحکومت لاہور میں گزشتہ روز کی طرف آج بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بادل برسنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، مری، گلیات، سوات، چترال، دیر سمیت خیبرپختونخوا میں مختلف مقامات پر آج مزید بارشوں اور پہاڑوں پر برفباری متوقع ہے۔ بتایا گیا ہے کہ کشمیر، گلگت بلتستان میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری متوقع ہے، خیبرپختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور مطلع جزوی ابرآلود رہے گا، ہزارہ، ملاکنڈ ڈویژن سمیت بالائی اضلاع میں ہلکی بارش کی پیشگوئی ہے، چترال، دیر، سوات، شانگلہ، مانسہرہ میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے، صوبہ سندھ میں موسم خشک اور گرد آلود ہوائیں چلنے کی توقع ہے، جب کہ پنجاب کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہے گا، تاہم اٹک، چکوال، جہلم، سیالکوٹ میں بارش کا امکان ہے، اسی طرح بلوچستان کے جنوبی اضلاع میں تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ آزاد کشمیر کی وادی نیلم میں رات سے موسلادھار بارش جاری ہے، اپرنیلم، لوات بالا، شاردہ، اڑانگ کیل سمیت دیگر سیاحتی مقامات پر برف پڑنے کا سلسلہ جاری ہے، اسی طرح گزشتہ روز اور رات کے وقت بھی لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد سمیت مختلف شہروں میں خوب بادل برسے، پشاور میں بھی موسلادھار بارش اور ژالہ باری کے باعث سڑکوں پر کئی کئی فٹ پانی جمع ہوگیا اور موسم ٹھنڈا ہوگیا۔

بقیہ شمال سوات 10

اہداف دیے گئے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ ایف بی آر کو ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے ہدف دیا گیا ہے، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ان اہداف کو دیکھا جائے گا، تحریری طور پر تمام وزارتوں کو اہداف سے متعلق آگاہ کیا گیا ہے، وزارت خزانہ کو مہنگائی، بیروزگاری میں کمی کا ہدف دیا گیا ہے، وزارت خزانہ کو گروتھ، آئی ایم ایف پروگرام، قرضہ جات پر اہداف ملے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے ماضی میں ڈیلیور کرکے دکھایا ہے، سولہ ماہ کی حکومت میں ملک میں استحکام آیا ہے، اب بھی شاہانہ اخراجات میں کمی کی جارہی ہے، کابینہ ارکان میں کوئی تنخواہ مراعات نہیں لے رہا، کابینہ عوام کو جوابدہ ہے کیوں کہ عوام کا ووٹ لے کر ہم اقتدار میں آئے ہیں، غیر دستاویزی کاروبار ہورہا ہے، اس کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہوگا۔ قبل ازیں لاہور میں ایسٹر کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایسٹر پر مسیحی برادری کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ہماری ذمے داری ہے کہ آپ کے حقوق کا تحفظ کریں، ہمیں امن اور ہم آہنگی کا پیغام دینا ہے، امن، محبت اور خوش حالی کو فروغ ملنا چاہیے، آئین کہتا ہے سب کے حقوق برابر ہوں گے، ہم مل جل کر اس ملک کو عظیم بنائیں گے، مسیحی برادری نے بہت عزت اور تکریم دی۔ عطاء تارڑ کا مزید کہنا ہے کہ میں 70 ہزار مسیحی ووٹرز کا نمائندہ بن کر قومی اسمبلی میں آیا ہوں، قیام پاکستان میں مسیحی برادری کا اہم کردار ہے، مسیحی برادری نے ملکی سلامتی، بقا اور ترقی کے لیے بے پناہ قربانیاں دیں، مسیحی برادری کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائیں گے، ہمیں اتحاد اور ہم آہنگی کو فروغ دے کر معاشرے سے نفرتوں کا خاتمہ کرنا ہے، مسیحی برادری کے ساتھ مل کر ملکی ترقی وخوشحالی کے لیے کام کریں گے۔

بقیہ شمال سوات 11

اور ان کی خوشحالی کیلئے اقدامات لینے کیلئے پرعزم ہے۔ ایوان صدر میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ مسیحی برادری پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہے۔ ہمارے مسیحی بھائیوں اور بہنوں نے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج ہم پاکستان کی ترقی میں اقلیتوں کے کردار کو سراہتے ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ آئین پاکستان تمام اقلیتوں کے حقوق کی ضمانت دیتا ہے، اقلیتوں کو مذہبی آزادی سمیت تمام بنیادی سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق حاصل ہیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ ملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے اقلیتوں سمیت پوری قوم کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ شمال سوات 12

نام پر عوام کو دھوکہ دیا گیا، میڈیا رپورٹس کے مطابق رمضان المبارک اپنے اختتام کی طرف بڑھ رہا ہے لیکن ابھی بھی حقداروں کی اکثریت رمضان پیکج سے محروم ہیں، آنے والے دنوں میں رمضان پیکج کے حوالے سے بڑی کہانیاں سامنے آنے والی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنہوں نے انتخابی مہم میں عوام کو تین سو یونٹ مفت بجلی دینے کے وعدے کئے تھے وہ ہر مہینے بجلی کی قیمت میں اضافہ کر رہے ہیں، بجلی اور گیس کے بڑھتے ٹیرف نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی عوام کو ان کا حق دلانے کے لئے جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوگی۔

بقیہ شمال سوات 13

ندگیوں کو اجیرن کردیا ہے، رمضان کے مہینے میں بھی مہنگائی کنٹرول نہیں ہورہی، حکومت کے پاس معیشت کی بہتری کے لیے آئی ایم ایف کے علاوہ کوئی حل نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ خود انحصاری کا اصول اپنایا جائے، غیر ترقیاتی اخراجات میں پہلے مرحلے میں کم ازکم پچاس فیصد کمی کی جائے، سود اور کرپشن سے چھٹکارا حاصل کیا جائے، سودی معیشت سے نجات کے لیے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کو نافذ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی مزید مہنگی ہوگئی ہے، پیٹرول مہنگا کرنے کی تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں جبکہ گیس کی قیمتوں میں اضافہ بھی متوقع ہے۔ نئی حکومت سے مستقبل میں کسی قسم کی کوئی خیر کی امید نظر نہیں آرہی ہے۔

بقیہ شمال سوات 14

مقبول باقر نے کچے کے علاقے میں ڈاکوں کے خلاف کلین اپ آپریشن کی منظوری دی تھی۔

بقیہ شمال سوات 15

ملتے ہی مزید نفری، سیکورٹی فورسز اور لیویز فورس جائے واقع کی جانب روانہ ہو گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ہرنائی دھماکہ دہشتگردوں کا بزدلانہ وار ہے، بلوچستان کے عوام اور سیکورٹی فورسز متحد ہوکر امن دشمنوں کے خلاف کھڑے ہیں، دہشت اور وحشت پھیلانے والوں کے خلاف جنگ میں فتح امن کی ہوگی، معصوم اور بے گناہوں کا خون بہانے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کریں گے، افسوسناک واقعے میں زخمی ہونے والوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کیں جائیں گی۔ چند روز قبل صوبہ بلوچستان کے ضلع کیچ کے مرکزی شہر تربت میں ایئرپورٹ اور نیول ایئربیس پر نامعلوم افراد کے اندر داخل ہونے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے سیکورٹی فورسز نے تمام حملہ آوروں کو ہلاک کیا گیا، اس دوران تربت میں نیول ایئربیس پر حملہ کرکے داخل ہونے کی کوشش ناکام بنائی گئی، حملہ آوروں نے پہلے نیول بیس کے مین گیٹ سے داخل ہونے کی کوشش کی جس کے باعث دھماکوں اور شدید فائرنگ کی آوازیں آتی رہیں، جس سے علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا، بعد میں پولیس اور فورسز کی بڑی تعداد نیول بیس کے قریب پہنچی اور پورے علاقے کو قبضے میں لے لیا، اس دوران حملہ کرنے والوں کو جوابی کارروائی میں ماردیا گیا، جس کے بعد سیکورٹی فورسز نے علاقے کو کلیئر کردیا۔ سرکاری ذرائع کا کہنا تھا کہ 4 سے 6 مبینہ حملہ آوروں نے ایئرپورٹ کے شمالی جانب سے نیول بیس میں داخل ہونے کی کوشش کی، تاہم سیکورٹی فورسز کی جانب سے حملہ آوروں کو اندر داخل ہونے نہیں دیا گیا، اس دوران ایئرپورٹ کے اطراف میں شدید فائرنگ اور 10 سے زائد دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ بتایا گیا کہ ضلع کیچ ایران سے متصل علاقہ ہے اور اس کے ضلعی ہیڈکوارٹر تربت میں پاک بحریہ کا دوسرا بڑا ایئر بیس بھی ایئرپورٹ کی چاردیواری کے اندر واقع ہے، جس پر حملے کی ذمہ داری کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی کی مجید بریگیڈ نے قبول کرلی۔

بقیہ شمال سوات 16

ہیں تاہم ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتیں 1.30 روپے کم ہونے کا امکان ہے کیونکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی طلب کم اور رسد زیادہ ہے۔ حکومت اور صنعتی ذرائع کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (کل) یکم اپریل سے 15 اپریل 2024 تک کیلئے قیمت 279.75 روپے سے بڑھا کر 289.69 ہونے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 285.49 روپے سے کم ہوکر 284.26 روپے ہونے کا امکان ہے۔ لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 0.45 پیسے بڑھ کر 168.63 روپے ہوسکتی ہے جبکہ کیروسین کی قیمت 188.49 روپے سے بڑھ کر 188.66 روپے روپے ہو سکتی ہے۔

بقیہ شمال سوات 17

کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سندھ حکومت امن وامان کے قیام میں ناکام ہوچکی ہے، شہر میں حکومت وانتظامیہ کا وجود کہیں دکھائی نہیں دے رہا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سندھ حکومت نے تحفظ کیلئے اقدامات نہ کیے تو احتجاج ہوگا۔ دوسری طرف ایم کیو ایم پاکستان نے علی خورشیدی کو سندھ اسمبلی میں قائد حزب اختلاف کیلئے نامزد کردیا۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان ایڈہاک کمیٹی اجلاس میں علی خورشیدی کو سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کے لیے نامزد کیا گیا۔ واضح رہے کہ علی خورشیدی پی ایس 119 سے رکن سندھ اسمبلی منتخب ہوئے ہیں۔ وہ 2018 میں ایم کیو ایم کی طرف سے پارلیمانی لیڈر بھی رہ چکے ہیں۔ اس سے قبل مراد علی شاہ کے مقابل علی خورشیدی ایم کیو ایم کی جانب سے وزیراعلیٰ کے بھی امیدوار تھے۔

بقیہ شمال سوات 18

ذرائع کے مطابق ضلع فیصل آباد کے 29 پولیس افسران اور 29 سہولت کار' ضلع جھنگ کے 4 پولیس افسران اور ایک سہولت کار' ضلع چنیوٹ کے 19 پولیس افسران اور 18 سہولت کار اور ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے 10 پولیس افسران اور 10 ہی سہولت کار شامل ہیں۔ ضلع فیصل آباد میں تھانہ پیپلز کالونی کا کانسٹیبل تیمین ناگرہ 4715/C اس کا سہولت کار جہانگیر ولد عالمگیر سکنہ پیپلز کالونی 433/C چرس اور آئس فروخت کرتا ہے۔ تھانہ مدینہ ٹاؤن سے ہیڈ کانسٹیبل نسیم شاہ HC/4560 اور اس کے سہولت کار خالد مسیح سکنہ مریم آباد' شیرون مسیح سکنہ یوسف آباد' افضل کانسٹیبل 3815/C اور اس کے سہولت کار خالد مستری ولد اسحاق سکنہ مریم آباد' اویس ولد اعظم سکنہ ایکس بلاک' ایس ایچ او تھانہ سانڈل بار انسپکٹر زاہد حسین اپنے سہولت کار عابد علی ولد اکبر علی سکنہ 32 ج ب' ایس ایچ او تھانہ ماموں کانجن سب انسپکٹر آصف خان' اس کے سہولت کار کورائے گینگ سکنہ 511 گ ب' سابق چیئرمین ریاض ولد اللہ یار سکنہ 511 گ ب چرس اور آئس فروخت کرتے ہیں۔ ماموں کانجن کا ہیڈ کانسٹیبل عثمان خان' کانسٹیبل آصف ندیم 1622/C ہیڈ کانسٹیبل ارشاد احمد بھی کورائے گینگ کی مدد سے منشیات فروش کرواتے ہیں۔ تھانہ صدر جڑانوالہ کا ہیڈ کانسٹیبل محمد قمر HC/3457 کے سہولت کار محلہ شوکت آباد کے باپ بیٹے اسماعیل اسکے بیٹے شیرباز اور علی شیر کی مدد سے چرس فروخت کرنے کا دھندہ کرواتے ہیں۔ غلام محمد آباد کا ہیڈ کانسٹیبل صفدر وسیم HC/4148 اس کا سہولت کار شیخ منصف ولد رفیق سکنہ محلہ رسول نگر' غلام محمد آباد کا کانسٹیبل زبیر C/5837 اس کا سہولت کار جمشید بھیا سکنہ چوہڑ ماجرا' غلام محمد آباد کا کانسٹیبل کاشف مسیح 7259/C کا سہولت کار وقاص ولد شیرا سکنہ بسم اللہ ٹاؤن' رضا آباد کا کانسٹیبل حسن شکور 1583/C اس کا سہولت کار اکرم عرف اکو سکنہ بوگیانوالہ رضا آباد' رضا آباد کا کانسٹیبل خرم 5233/C کے سہولت کار شیخ بلال سکنہ گلی نمبر 16 رضا آباد' دکتر عرف وکی مسیح سکنہ منیر آباد آئس اور چرس فروخت کرتے ہیں۔ تھانہ رجانہ کا کانسٹیبل ذوالفقار علی 716/C اس کا سہولت کار اظہر ولد لال سکنہ 255 گ ب شامل ہیں۔ علاوہ ازیں لاہور ریجن کے 30 پولیس افسران' 29 سہولت کار' شیخوپورہ کے 23 پولیس افسران اور 23 سہولت کار' گوجرانوالہ کے 21 پولیس اہلکاران اور 21 سہولت کار' راولپنڈی ریجن کے 6 پولیس اہلکار اور 6 سہولت کار' سرگودھا ریجن کے 3 پولیس افسر اور 3 سہولت کار' ساہیوال کے 26 پولیس افسران اور 22 سہولت کار' ملتان کے 18 پولیس افسران اور 18 سہولت کار' ڈیرہ غازی خان کے 5 پولیس اہلکاران اور 5 سہولت کار اور بہاولپور کے 40 پولیس افسران واہلکاران اور ان کے 40 سہولت کاروں کی فہرست آئی جی پنجاب کو ارسال کردی گئی۔ جن کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ منشیات فروشی کرنے اور منشیات فروشوں کی سرپرستی کرنے والے پولیس افسران واہلکاران میں کھلبلی مچ گئی۔ منشیات فروشی میں ملوث افسران کے خلاف 79 مقدمات درج کئے گئے ہیں اوران کے خلاف مقدمات عدالتوں میں زیر سماعت بھی ہیں۔

بقیہ شمال سوات 19

کتب کی اہمیت کو اجاگر کریں گے۔ بچوں کی کتب کا عالمی دن ہر سال 2 اپریل کو یورپ کے اس مصنف ہنس اینڈرسن کے یوم پیدائش کے موقع پر اس کی یاد میں منایا جاتا ہے یورپی مصنف نے بچوں کیلئے ادب تخلیق کیا اور جنوں پریوں کی کہانیاں لکھ کر بچوں سے زیادہ بڑوں میں مقبولیت حاصل کی۔

بقیہ شمال سوات 20

کے اسٹور میں موجود تھے۔ پی آئی اے انتظامیہ کے مطابق جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر پرانے طیاروں کے پرزے فروخت کے لیے پیشکش طلب کریں۔

بقیہ شمال سوات 21

، حادثات ٹھیکن آباد روڈ اور ٹوبہ بلوچاں روڈ پر پیش آئے۔

بقیہ شمال سوات 22

کے نفاذ سے کرایوں میں ہوشربا اضافہ ہو گا۔ شہر فیصل آباد میں کاروبار کرنا اور رہائش رکھنا ناممکن ہو جائے گا۔ شہری سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ادارے کو ظالمانہ ٹیکس نہیں لگانے دیں گے۔ ظالمانہ ٹیکسز کے خلاف عدالتی وعوامی احتجاج کا ہر راستہ اختیار کریں گے۔ وزیراعظم، وزیر داخلہ اور وزیر خزانہ فوری طور پر نوٹس لے کر اس ظالمانہ ٹیکس کے نفاذ کا فیصلہ واپس کروائیں۔

بقیہ شمال سوات 23

ریجن بھر میں مجموعی طور پر 352 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے جن میں سے 127 کے خلاف مقدمات درج ہوچکے ہیں، پکڑے جانے والے کنکشنز میں 16 کمرشل، 4 زرعی، 1 انڈسٹریل اور 331 ڈومیسٹک تھے، تمام کنکشنز منقطع کرکے ان کو 2 لاکھ 47 ہزار 2 سو 67 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 17 لاکھ 98 ہزار 6 سو 25 روپے ہے جبکہ بجلی چوروں کیخلاف کئے جانے والے آپریشن میں بڑے کمرشل صارفین بھی بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، ان تمام کے کنکشنز بھی منقطع کئے گئے اور ان کو ڈیٹیکشن یونٹس چارج کئے گئے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ کنڈا سنگھ والا کے علاقے میں کنکشن کو 5 لاکھ 50 ہزار روپے، قلعہ گجر سنگھ کے علاقے میں کنکشن کو 1 لاکھ 40 ہزار روپے، مصطفیٰ ٹاؤن کے علاقے میں ایک ملزم کو 1 لاکھ روپے اور مزنگ کے علاقے میں ایک اور ملزم کو بھی بجلی چوری پر 1 لاکھ روپے کی رقم چارج کی گئی ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ انسداد بجلی چوری مہم کو 195 روز مکمل ہوگئے ہیں، اس دوران کل 69 ہزار 2 سو 32 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 67 ہزار 1 سو 7 ملزمان کیخلاف مقدمات درج کروا کے 26 ہزار 4 سو 86 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، بجلی چوروں کو اب تک 8 کروڑ 58 لاکھ 66 ہزار 58 یونٹس چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 3 ارب 24 کروڑ 69 لاکھ 25 ہزار 6 سو 3 روپے ہے۔ لیسکو چیف نے کہا ہے کہ بجلی چوری کے مکمل خاتمے تک بلاتفریق گرینڈ آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ شمال سوات 24

، انٹری پوائنٹس پر سکیورٹی کو ہر لحاظ سے غیر معمولی بنایا جائے، مختلف علاقوں سے برآمد ہونیوالے مرکزی اور چھوٹے بڑے جلوسوں کے اطراف کے علاقوں میں انٹیلی جنس کو مزید بڑھایا جائے۔ آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ معلومات کے حصول شیئرنگ اور فالو کرنے کے عمل میں تاخیر ہرگز نہ کی جائے۔ غلام نبی میمن نے کہا کہ ضلع ٹو ضلع، تھانہ ٹو تھانہ روابط حکمت عملی پر دوران سنیپ چیکنگ، پٹرولنگ اور سرچنگ پر خصوصی فوکس رکھا جائے۔

بقیہ شمال سوات 25

مہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے تفصیل کے مطابق 203 گ ب کے رہائشی انور نے بتایا کہ وہ ضعیف العمر ہے اور گستاخی اور نافرمانی کی وجہ سے بیٹے غلام عباس کو جائیداد سے عاق کردیا جس کا بیٹے کو شدید رنج ہوا اور اکثر اوقات گھر آکر جائیداد کا حصہ مانگتا تھا اور اس کو تشدد کا نشانہ بنایا جس پر اس کو برا بھلا کہا تو وہ مشتعل ہوگیا اور بری طرح تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے گھر سے نکال دیا جس پر پولیس کو اطلاع کی تو پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ شمال سوات 26

عمل میں اتر چکی ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے اور کرتی رہے گی۔ رانا جمیل منج نے این ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے کہا کہ عوامی مفاد میں کیا جانے والا کوئی بھی فیصلہ بنا سوچے سمجھے نہیں کیا جاتا، خاص طور پر جس کا تعلق مالیات سے ہو، این ایف سی ایوارڈ کا اجرا پاکستان پیپلز پارٹی کی عوامی حکومت اور صدر آصف علی زرداری کی خصوصی کاوشوں سے متفقہ طور پر کیا گیا، کچھ لوگ این ایف سی ایوارڈ کو متنازع کرکے یہ ثابت کرنے کی کوشش کررہے ہیں کہ مالی بحران کی جڑ این ایف سی ایوارڈ ہے، جو سراسر غلط ہے۔

بقیہ شمال سوات 27

آئیں۔ کسانوں کو تمام زرعی لوازمات ایک چھت کے نیچے سبسڈائزڈ نرخوں پر دیے جائیں۔ ہمایوں اختر خان کا کہنا تھا کہ سولر پینل ہی ایم سانوں سے لیے ہونی چاہیئے تا کہ انہیں بجلی کے بھاری بلوں سے چھٹکارا مل سکے۔ زراعت پر خصوصی توجہ دی جائے اور چھوٹے کسان کا ہاتھ تھاما جائے۔ انہوں نے کہا کہ حلقے کی عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے مسائل کو اپنی ذاتی حیثیت میں بھی حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

بقیہ شمال سوات 28

ریسرچ سینٹر کے پیڈیاٹرک سیکشن کی سربراہ ڈاکٹر ثمرین زیدی نے کہا ہے کہ رواں ماہ 80 بچوں کو خسرہ کی علامات کے ساتھ ہسپتال میں داخل کیا گیا ہے، ان میں سے 2 کی موت ہو چکی ہے، آج ٹھٹھہ سے 3 سالہ بچے کو ہسپتال داخل کیا گیا جس میں خسرہ اور نمونیا کی علامات تھیں۔ ڈاکٹر ثمرین زیدی نے وضاحت کی کہ بچے کو سانس لینے میں تکلیف تھی جس کی وجہ سے انہیں انٹیوبیٹ کرنا پڑا۔ ہسپتال میں ہفتے کے روز خسرہ کے 3 مریضوں کو ڈسچارج کیا گیا جب کہ 3 بچے زیر علاج ہیں، تمام بچے وینٹی لیٹرز پر ہیں، ان میں سے ایک سالہ بچی ہے گزشتہ 10 دنوں سے موت سے جنگ لڑ رہی ہے۔ ڈاکٹر ثمرین کا کہنا تھا کہ بچی شدید غذائیت کا شکار ہے، اس کے بہن بھائیوں میں سے ایک کی خسرہ سے موت ہوگئی ہے، غذائی قلت کے شکار بچے نمونیا جیسی بیماریوں کا زیادہ شکار ہوتے ہیں اور ان میں اموات کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ نمونیا سے متعلق بات کرتے ہوئے ڈاکٹر نے کہا کہ بیماری کی ابتدائی علامات جیسے بخار، کھانسی، ناک بہنا اور آشوب چشم کو سنجیدہ نہیں لیا جاتا اور مریض ہسپتالوں میں صرف اس وقت آتے ہیں جب علامات سنگین ہوجاتی ہے۔ اس سال ہسپتال میں خسرہ سے 3 بچے جاں بحق ہو چکے ہیں اور اب تک 256 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ کے ذرائع کے مطابق خسرہ سے متاثرہ بچوں کی تعداد گزشتہ کئی ہفتوں سے رپورٹ ہورہے ہیں۔

بقیہ شمال سوات 29

1936 میں پیدا ہوئے، عبدالقدیر خان پندرہ برس یورپ میں رہنے کے دوران مغربی برلن کی ٹیکنیکل یونیورسٹی، ہالینڈ کی یونیورسٹی آف ڈیلفٹ اور بیلجیم کی یونیورسٹی آف لیوو?ن میں پڑھنے کے بعد 1976ء میں واپس پاکستان لوٹ آئے، عبدالقدیر خان ہالینڈ سے ماسٹرز آف سائنس بیلجیم سے ڈاکٹریٹ آف انجینئرنگ کی اسناد حاصل کرنے کے بعد 31 مئی 1976ء میں ذوالفقار علی بھٹو کی دعوت پر انجینئرنگ ریسرچ لیبارٹریز کے پاکستانی ایٹمی پروگرام میں حصہ لیا۔ بعدازاں اس ادارے کا نام صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے یکم مئی 1981ء کو تبدیل کرکے ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز رکھ دیا یہ ادارہ پاکستان میں یورینیم کی افزودگی میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے نومبر 2000ء میں ککسٹ نامی درسگاہ کی بنیاد رکھی۔

بقیہ شمال سوات 30

یابی کے لئے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ شمال سوات 31

بارگاہوں میں مجالس عزاء منعقد ہوں گی جہاں علماء وذاکرین فلسفہ شہادت بیان کریں گے، بڑے بڑے شہروں میں مجالس عزاء منعقد ہوں گی اور تابوت کے ماتمی جلوس نکالے جائیں گے اس دوران عزادار زنجیر زنی کریں گے۔ علاوہ ازیں پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سیرت حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور فضائل اجاگر کیے جائیں گے ملک بھر کے اخبارات یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مناسبت سے سپیشل ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ سرکاری ونجی ٹی وی چینلز سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔

عوامی اشتہارات

عوامی اشتہارات جب کی گئی کے چند بے کے تحت شائع کیے جاتے ہیں۔ انتظامیہ کی اشتہارات کے غیر حقیقی ہونے کے حق کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی۔ ان اشتہارات کے نرخ 25 روپے فی سطر اور ہر سطر میں آٹھ الفاظ ہوں گے۔ 100 سے کم الفاظ قبول نہیں کی جائیں۔ اشتہارات کی بکنگ صبح 9:00 بجے سے شام 0.00 بجے تک ہوگی۔

DAILY SHAMAL

بقیہ شمال سوات 32

ہیں شہریوں کا مزید کہنا تھا کہ جس طرح پنجاب میں ہر اچھے کام کی مہم چلائی جاتی ہے اسی طرح پولیس وردی میں چھپی کالی بھیڑوں کے خلاف بھی مہم چلائی جانی چاہیے تاکہ منشیات فروشوں سے منتھلیاں وصول کرنے اور جرائم کی بڑھوتری کا سبب بننے میں ملوث اہلکاروں کا تعین کیا جا سکے اس سے یقیناً جرائم کی روک تھام میں مثبت نتائج برآمد ہوسکے اور شہریوں میں پولیس کا اعتماد بحال ہوگا۔

بقیہ شمال سوات 33

یل فول دوسروں کے ساتھ عملی مذاق کرنے اور بے وقوف بنانے کا تہوار ہے اور اس کیلئے خاص دن یکم اپریل مقرر ہے۔ اپریل فول کی ابتداء یورپ سے ہوئی جس کو 1539ء میں عروج حاصل ہوا اور بعد میں اس نے تہوار کی شکل اختیار کر لی۔ یکم اپریل کو لوگ ایک دوسرے کو بے وقوف بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور عملی مذاق میں حد سے بھی تجاوز کر جاتے ہیں جو کہ دوسروں کیلئے پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ اپریل فول جنوبی ایشیاء میں بھی قدم جما چکا ہے تاہم عام انسانوں کو بے وقوف بنانے والے اس تہوار سے مسلمانوں کا کوئی تعلق نہیں ہے بعض منچلے اسے محض تفریح کا ذریعہ سمجھتے ہیں جبکہ کچھ کا خیال ہے کہ یہ مغرب کی فضول رسومات ہے اسے مسلم دنیا کو اپنانا نہیں چاہیے دوسری جانب علماء کرام کا کہنا ہے کہ مذاق میں جھوٹ بولنا بھی کبیرہ گناہوں میں شمار ہوتا ہے اس لیے مسلمانوں کو اپریل فول جیسی قباحتوں سے گریز کرنا چاہیے۔

بقیہ شمال سوات 34

نوجوانوں کو موبائل ریپئرنگ، ایڈوانس ٹیلرنگ، الیکٹریکل، سولر پی وی ٹیکنیشن اور انڈسٹریل آٹومیشن سمیت دیگر کورسز سکھائے جا رہے ہیں تاکہ نوجوان ملازمتوں کا انتظار کرنے کے بجائے ہنر سیکھ کر اپنا باعزت روزگار کما سکیں۔ الخدمت سے جو لوگ قرض لیتے ہیں وہ اسے آسان اقساط میں واپس بھی کر دیتے ہیں۔ ڈائریکٹر مواخات پروگرام یوسف محی الدین نے کہا کہ الخدمت اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز سے فارغ التحصیل 60 فیصد طلبہ الحمدللہ پارٹ ٹائم یا فل ٹائم ملازمتیں کررہے ہیں۔ ایک فرد کاروبار کرتا ہے تو اس کا پورا خاندان اس سے استفادہ کرتا ہے اور اس شخص کے گھر میں خوشحالی آتی ہے۔ لوگوں کو قرض کی فراہمی کا مقصد بے روزگار افراد کو ان کے پیروں پر کھڑا کرنا ہوتا ہے تاکہ وہ لوگ اپنی زندگیوں میں تبدیلی لاسکیں۔ یوسف محی الدین نے کہا کہ الخدمت کے یہ تمام کام اہل خیر کے تعاون سے سارا سال جاری رہتے ہیں صاحب ثروت افراد مواخات اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے پروگرام میں الخدمت کا ساتھ دیں۔

بقیہ شمال سوات 35

کرنے اور اس کو اپنانے کا موقع فراہم کرتا ہے، انہی اقدار کو اپناتے ہوئے ہم آج کی تنازعات سے بھری اس دنیا کو امن وآشتی کا گہوارہ بنا سکتے ہیں۔

گلوبل وارمنگ کے موضوع سمیاتی تبدیلی ماحولیاتی تبدیلی کے بارے میں اہم معلومات

پاکستانی عوام کے سامنے اس کتاب کے موضوع میں کتاب کا قیمت پانچ ہزار روپے ہے

مینگورہ (بیورو رپورٹ) گلوبل وارمنگ کتاب کے مصنف ریاض الرحمٰن جامیل کو رابطہ موبائل نمبر 0313-2869306 نے ایک اخباری بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ میرے کتاب گلوبل وارمنگ کے موضوع سمیاتی تبدیلی ماحولیاتی تبدیلی کی تباہ کاریوں کے بارے میں اہم معلومات اور بہترین تجربات فیصلوں کے بعد پیداوار گندم اور مکئی کے معیار 3 جنوری حکومت 2010 میں آصف زرداری 2013 (بقیہ 1 صفحہ 5)

وزیر اعلیٰ پنجاب نے پتنگ بازی کے خاتمے کیلئے شہریوں سے تعاون مانگ لیا

پتنگ بازی کا خونی کھیل ختم کرنے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد کریں

ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں نوجوان عدنان موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ پتنگ کی ڈور اس کے گلے پر پھر گئی

لاہور (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے سے پتنگ بازی کے خاتمے کے لیے شہریوں سے تعاون مانگ لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ پتنگ بازی کا خونی کھیل ختم کرنے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد کریں۔ واضح رہے لاہور کے مختلف علاقوں میں پتنگ کی ڈور پھرنے سے گزشتہ روز بھی 12 افراد زخمی ہوئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق لاہور کے علاقے نشتر کالونی میں واپڈا کا ملازم رضوان (بقیہ 2 صفحہ 5)

------ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے سیاحت وثقافت زاہد چن زیب کا پشاور میں کچھ ایڈونچر ازم ڈیپارٹمنٹ آمد پر افسران کے ساتھ گروپ فوٹو ------

ایسٹر کا تہوار امید محبت اور خوشحالی کا پیغام لاتا ہے، آصف زرداری

مسیحی برادری پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہے، ہمارے مسیحی بھائیوں اور بہنوں نے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار امید، محبت اور خوشحالی کا پیغام لاتا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے مسیحی برادری کو ایسٹر کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہے، ہمارے مسیحی بھائیوں اور بہنوں نے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔ آصف زرداری کا کہنا تھا کہ ایسٹر کا تہوار امید، محبت اور خوشحالی کا پیغام لاتا ہے (بقیہ 5 صفحہ 5)

اسلام آباد ائیرپورٹ پر پی آئی اے کی کوئٹہ کی پرواز سے پرندہ ٹکرا گیا

ائیر ٹریفک کنٹرول سے رابطہ کرنے پر اے ٹی سی نے پائلٹ کو واپس لینڈ کرنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ائیرپورٹ سے کوئٹہ کے لیے روانہ ہونے والی پی آئی اے کی پرواز سے پرندہ ٹکرا گیا تاہم خوش قسمتی سے طیارہ اور مسافر محفوظ رہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے کی پرواز پی کے 325 اسلام آباد سے کوئٹہ کے لیے روانہ ہوئی تو طیارے کے بلندی پکڑنے کے دوران پرندہ ٹکرا گیا۔ ائیر ٹریفک کنٹرول سے رابطہ کرنے پر اے ٹی سی نے پائلٹ کو واپس لینڈ کرنے کی ہدایت (بقیہ 3 صفحہ 5)

منشیات فروشوں، شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

گزشتہ روز 10 ملزمان گرفتار کر کے چرس، شراب، اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر لیا

ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں، شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، گزشتہ روز 10 ملزمان گرفتار کر کے چرس، شراب، اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر لیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم عثمان سے 30 بور پستول مع ایمونیشن، ملزم عمر خان سے 30 بور پستول مع ایمونیشن، ملزم محمد ولی سے 30 بور پستول مع ایمونیشن، و دھامیال پولیس نے (بقیہ 4 صفحہ 5)

وہاڑی میں ملتان روڈ پر مسافر کوسٹر اور ڈالہ میں تصادم، خاتون سمیت 2 جاں بحق اور 3 افراد زخمی

ہسپتال میں ایک زخمی عبداللہ بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا

علی حیدر اور محمد عبداللہ شدید زخمی ہوگئے جنہیں ریسکیو 1122 نے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا

وہاڑی (یو این پی) وہاڑی میں ملتان روڈ پر مسافر کوسٹر اور ڈالہ میں تصادم سے خاتون سمیت 2 جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملتان سے بورے والا کی طرف آنے والی مسافر کوسٹر بھی موڑ کے قریب اوور ٹیکنگ کے دوران سامنے سے آنے والے تیز رفتار ڈالے سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں ایک مسافر خاتون 46 سالہ شاہدہ بی بی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی اور 3 مسافر محمد افضل، علی حیدر اور محمد عبداللہ شدید زخمی ہوگئے جنہیں ریسکیو 1122 نے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا۔ ہسپتال میں ایک زخمی عبداللہ (بقیہ 6 صفحہ 5)

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن لوئر دیر کے نو منتخب صدر حاجی واقف شاہ، جنرل سیکرٹری عمر ابراہیم، نائب صدر شاہ فواد خان شاہ پوری، شاہ اللہ جوائنٹ سیکرٹری، ضیاء الرحمٰن لائبریری سیکرٹری کی فائل فوٹوز

شانگلہ: تحصیل بار ایسوسی ایشن چکیسر کے نو منتخب صدر انتخابات میں نظیر احمد خان ایڈوکیٹ جنرل سیکرٹری میر عالم خان ایڈوکیٹ و دیگر فائل فوٹوز

غیر دستاویزی کاروبار ہو رہا ہے، اس کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہوگا، وزیر اطلاعات

ایف بی آر کو ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے ہدف دیا گیا ہے، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ان اہداف کو دیکھا جائے گا، عطاء اللہ تارڑ کی پریس کانفرنس

لاہور (یو این پی) وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ملک میں غیر دستاویزی کاروبار ہو رہا ہے، اس کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہوگا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے۔ وزیر اعظم نے ہر وزارت کے لیے اہداف مقرر کیے ہیں، وزیر اعظم نے اگلے 5 سال کیلئے وزارتوں کے اہداف مقرر کر دیے، وزیر اعظم نے کارکردگی کو جانچنے کا تہیہ کیا ہے، جس کے لیے ہر وزارت کو حقیقت پر مبنی (بقیہ 10 صفحہ 5)

عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، مضبوط آواز بنیں گے، مسرت جمشید چیمہ

بجلی اور گیس کے بڑھتے ٹیرف نے عوام کا جینا محال کر دیا، سینیٹر ممبر پی ٹی آئی

لاہور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کی سینیٹر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں ہونے والے بے تحاشہ اضافے سے عوام کی چیخیں نکل گئی ہیں، پی ٹی آئی عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی بلکہ ان کی مضبوط آواز بنے گی، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب میں رمضان پیکج کے (بقیہ 12 صفحہ 5)

صدر مملکت آصف علی زرداری کی ایسٹر کے موقع پر مسیح برادری کو مبارکباد

اسلام آباد (یو این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایسٹر کے موقع پر مسیح برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار امید، محبت اور خوشحالی کا پیغام لاتا ہے، پاکستان اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ (بقیہ 11 صفحہ 5)

پشاور: کیپٹل میٹروپولیٹن انتظامیہ تجاوزات کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں

چینی ملازمین پر حملہ دونوں ممالک کے تعلقات خراب کرنے کی سازش ہے، قاضی عبد القدیر

مہنگائی کے مارے عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، سیاسی قیادت کو پارٹی اختلافات سے بالاتر ہو کر مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا ہوگا

راولپنڈی (اے ایف پی) ملک میں بدامنی، جرائم اور دہشت گردی کے واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے، چینی ملازمین پر حملہ دونوں ممالک کے تعلقات خراب کرنے کی سازش ہے، مہنگائی کے مارے عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، سیاسی قیادت کو پارٹی اختلافات سے بالاتر ہو کر مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا ہوگا، خطہ کے معاملے پر کمیشن کا قیام احسن اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اہل حدیث کے چیئرمین قاضی عبد القدیر خاموش و دیگر رہنماؤں (بقیہ 7 صفحہ 5)

سرگودھا، مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو بھائیوں اور ایک نوجوان کو شدید زخمی کر دیا

فوری طبی امداد دے کر ایک زخمی محمود سلطان کو تشویشناک حالت کے باعث ملتان ریفر کر دیا گیا

سرگودھا (یو این پی) مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو بھائیوں اور ایک نوجوان کو شدید زخمی کر دیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مقدمات درج کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ سرائے مہاجر کے چک 57/ 58 ایم ایل میں تین مسلح افراد اعجاز عامر، شہزاد عامر اور محمد افضل اعوان (بقیہ 8 صفحہ 5)

گزشتہ رات کی بارش سے موسم ٹھنڈا ہونے کے بعد آج مزید بادل برسنے کا امکان

لاہور (یو این پی) ملک کے مختلف علاقوں میں گزشتہ رات کی بارش سے موسم ٹھنڈا ہونے کے بعد آج مزید بادل برسنے کا امکان ظاہر کر دیا گیا، جڑواں شہروں سمیت لاہور میں آج بھی گرج چمک کے ساتھ (بقیہ 9 صفحہ 5)

ساری صورتحال میں حکمران محض اقتدار کو انجوائے کر رہے ہیں، ذبیح اللہ بلگن

قومی قیادت کو پارٹی اختلافات سے بالاتر ہو کر مل بیٹھنا ہوگا، رہنما جماعت اسلامی

لاہور (یو این پی) جماعت اسلامی کے رہنما ذبیح اللہ بلگن نے کہا ہے کہ ملک دو خاندانوں، مفاد پرستوں اور اقتدار کی خاطر سب کچھ کر جانے والوں کے نرغے میں ہے، حکومت دھاندلی زدہ الیکشن کے نتیجہ میں بنی، سیاسی عدم استحکام میں اضافہ، معاشی بحران مزید بڑھے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ساری صورتحال میں حکمران محض اقتدار کو انجوائے کر رہے ہیں اور پارلیمان لاتعلق ہے، مسائل کا سیاسی حل تلاش کیا جائے، قومی قیادت کو پارٹی اختلافات سے بالاتر ہو کر مل بیٹھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے (بقیہ 13 صفحہ 5)

------ چکدرہ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل، نو منتخب کابینہ ارکان کا گروپ فوٹو ------

مرکزی انجمن تاجران تحصیل تخت بھائی کا ضلع چارسدہ میں قتل ہونے والا تخت بھائی کے نوجوان دانیال کے قتل کے خلاف شدید احتجاجی مظاہرہ

ہرنائی میں گیس کمپنی کی سکیورٹی گاڑی کے قریب دھماکہ، 1 اہلکار شہید 14 زخمی

بارودی سرنگ دھماکے سے زخمی ہونے والے متعدد افراد کی حالت تشویشناک، سیکورٹی فورسز اور لیویز فورس جائے واقع کی جانب روانہ کر دی گئی

کوئٹہ (یو این پی) صوبہ بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں گیس کمپنی کی سکیورٹی پر تعینات گاڑی کے قریب دھماکے میں 1 اہلکار شہید اور 14 زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہرنائی میں گیس کمپنی کی گاڑی کے قریب بارودی سرنگ کے ذریعے دھماکہ کیا گیا، اس دھماکے کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور 14 زخمی ہو گئے، دھماکے سے زخمی ہونے والے متعدد افراد کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے، دھماکے کے فوری بعد زخمی ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جب کہ دھماکے کی اطلاع (بقیہ 15 صفحہ 5)

ڈاکوں کیخلاف سرچ آپریشن، راکٹ حملے کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار زخمی

پولیس کے مطابق علاقے کی ناکہ بندی کر کے ڈاکوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے جا رہے ہیں

شکار پور (اے ایف پی) سندھ کے شہر شکارپور میں ڈاکوں کے خلاف سرچ آپریشن کے دوران پولیس موبائل پر راکٹ حملے میں 2 اہلکار زخمی ہوگئے۔ بیرکوٹ کے قریب ڈاکوں کے خلاف سرچ آپریشن کے دوران ڈاکوں نے پولیس موبائل پر راکٹ داغ دیا جس کے نتیجے میں 2 اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس نے زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے، پولیس کے مطابق علاقے کی ناکہ بندی کر کے ڈاکوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے بھی مارے جا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ 24 اکتوبر 2023 کو سندھ کے سابق نگران وزیر اعلیٰ جسٹس (ر) (بقیہ 14 صفحہ 5)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں 9.94 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان

عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ گئی، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتیں 1.30 روپے کم ہونے کا امکان

اسلام آباد (یو این پی) حکومت کی جانب سے آئندہ ماہ کے پہلے پندرہواڑے میں (کل) یکم اپریل 2024 سے پیٹرول کی قیمتوں میں 9.94 روپے فی لیٹر اضافہ کیے جانے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافے کی بڑی وجہ ہے کہ امریکی کمپنی موگاس نے اپنی پیداوار کم کر دی ہے اور یوں امریکی حکومت کی جانب سے موٹر اسپرٹ کی درآمد میں اضافہ کر دیا گیا ہے اور اس کی وجہ سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھ گئی (بقیہ 16 صفحہ 5)

ایم کیو ایم پاکستان نے علی خورشیدی کو سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نامزد کر دیا

شہر قائد میں امن و امان کے معاملے پر ایم کیو ایم پاکستان نے سندھ اسمبلی میں قرارداد جمع کروادی، سندھ حکومت نے شہر کو ڈاکوؤں کے سپرد کر دیا ہے

کراچی (یو این پی) ایم کیو ایم پاکستان نے علی خورشیدی کو سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نامزد کر دیا جبکہ شہر قائد میں امن و امان کے معاملے پر ایم کیو ایم پاکستان نے سندھ اسمبلی میں قرارداد جمع کروادی ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار کی زیر صدارت ایم کیو ایم اراکین سندھ اسمبلی کا اجلاس ہوا، جس میں شہر قائد کی بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر فاروق ستار نے کہا کہ سندھ حکومت نے شہر کو ڈاکوؤں کے سپرد کر دیا ہے۔ ایم کیو ایم کسی صورت عوام کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں رہنے دے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں روزانہ سیکڑوں وارداتیں ہو رہی ہیں، جس میں شہریوں کے قتل عام کی مذمت (بقیہ 17 صفحہ 5)

شانگلہ: بانڈہ چیند لیلونی میں گری ہوئے رہائشی مکان کا چھت جسمیں دو افراد جاں بحق ایک زخمی ہوا ہیں

موٹر سائیکلز کے 2 مختلف حادثات میں 12 سالہ بچی اور خاتون جاں بحق اور 4 افراد زخمی

بہاولنگر (یو این پی) بہاولنگر میں موٹر سائیکلز کے 2 مختلف حادثات میں 12 سالہ بچی اور خاتون جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہوگئے، ریسکیو ٹیموں نے لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا، جاں بحق ہونے والوں میں 12 سالہ مریم اور 40 سالہ رشاد بی بی شامل ہیں، پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی شروع کر دی (بقیہ 21 صفحہ 5)

پی آئی اے، نجکاری سے قبل کروڑوں کے پرزہ جات فروخت کرنے کا فیصلہ

بوئنگ 737، 707، فوکر اور سیسنا طیاروں کے اضافی پرزوں کی فروخت کیلئے ٹینڈر جاری

کراچی (اے ایف پی) پی آئی اے انتظامیہ نے ایئرلائن کی نجکاری سے قبل بڑا فیصلہ کر لیا ہے کہ طیاروں کے فاضل پرزہ جات فروخت کیے جائیں گے۔ قومی ایئرلائن کے پاس موجود کروڑوں روپے مالیت کے حامل مختلف کمپنیز کے طیاروں کے اضافی اسپیئر پارٹس فروخت کیے جائیں گے۔ پی آئی اے کے مطابق طیاروں کے فروخت کیے جانے والے پرزوں میں بوئنگ 737، بوئنگ 707، فوکر اور سیسنا طیاروں کے اضافی پرزوں کی فروخت کے لیے ٹینڈر جاری کر دیا، پرزے کئی سالوں سے پی آئی اے (بقیہ 20 صفحہ 5)

صوبہ بھر میں 234 پولیس افسران و اہلکاران منشیات فروشی میں ملوث ہونے کا انکشاف

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد سمیت صوبہ بھر میں 234 پولیس افسران و اہلکاران منشیات فروشی میں ملوث ہونے کا انکشاف، منشیات فروشی میں فیصل آباد کے پولیس افسران کا پہلا نمبر، منشیات فروش پولیس افسران و اہلکاران اور ان کے سہولت کاروں کی فہرستیں تیار کر لی گئیں اور جلد ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے نوکری سے فارغ کئے جانے کا امکان۔ (بقیہ 18 صفحہ 5)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بچوں کی کتب کا عالمی دن 2 اپریل کو منایا جائے گا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بچوں کی کتب کا عالمی دن 2 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد بچوں کو کتب بینی کی جانب راغب کرنا ہے اس دن کے حوالے سے سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مقررین بچوں کی کردار سازی میں معیاری (بقیہ 19 صفحہ 5)

تھانہ تخت بھائی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث دو افراد گرفتار

آصفہ بھٹو اپنی والدہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے عزم، نامکمل مشن کو پورا کریں گی، رانا جمیل منج

تمام سیاسی جماعتیں ماضی کی طرح اس بار بھی متحد ہو کر مسائل کا حل نکالیں، جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی لاہور

لاہور (یو این پی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پی پی آصفہ بھٹو زرداری کی پارلیمانی سیاست میں انٹری ہو چکی ہے وہ انشاءاللہ عوامی خدمت، سماجی ترقی اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے اپنی والدہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے عزم اور نامکمل مشن کو پورا کریں گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان میں انتخابی عمل کے بعد ایک جمہوری حکومت قائم ہوئی جو کہ خوش آئند بات ہے اب تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ ماضی کی طرح اس بار بھی متحد ہو کر تمام مسائل کا حل نکالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی آصفہ بھٹو زرداری انشاءاللہ عوامی خدمت، سماجی ترقی اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے نئے عزم کے ساتھ میدان (بقیہ 26 صفحہ 5)

پراپرٹی ٹیکس کی شرح میں ظالمانہ اضافہ کو مسترد کرتے ہیں، الحاج نصیر یوسف وہرہ

ماضی میں پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کے خلاف اپیلوں کے فیصلے تک ایم سی آئی کے پاس ٹیکس لگانے کا جواز نہیں

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد بلدیاتی نمائندگان کی غیر موجودگی میں ایم سی آئی کے پاس ٹیکس لگانے کا اختیار نہیں، یہ بات مرکز صدر کلاتھ بورڈ اتحاد گروپ پاکستان الحاج نصیر یوسف وہرہ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے مزید بتایا ہے کہ گزشتہ عرصہ میں بڑھائے گئے ٹیکس کے خلاف تاجروں کی اپیلیں ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہیں۔ ماضی میں پراپرٹی ٹیکس میں اضافے کے خلاف اپیلوں کے فیصلے تک ایم سی آئی کے پاس ٹیکس لگانے کا جواز نہیں۔ پراپرٹی ٹیکس میں موجودہ ظالمانہ اضافے سے پاکستان ایشیا کا مہنگا ترین ملک بن جائے گا۔ ٹیکس میں موجودہ اضافے کے بعد جائیداد کی خرید و فروخت بند ہو جائے گی۔ نئی ٹیکس شرح (بقیہ 22 صفحہ 5)

لیسکو کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن، 6 ملزمان گرفتار، بھاری جرمانے عائد

اس دوران کل 69 ہزار 2 سو 32 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے

لاہور (اے ایف پی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے بجلی چوروں کے خلاف جاری آپریشن کے دوران مزید 6 ملزمان گرفتار کر لئے، ملزمان کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق وزارت توانائی پاور ڈویژن کی ہدایت کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حمید کی زیر نگرانی انسداد بجلی چوری مہم رمضان المبارک میں بھی کامیابی کے ساتھ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران (بقیہ 23 صفحہ 5)

معیشت کی ترقی کیلئے جامع اصلاحات ناگزیر ہیں، ہمایوں اختر خان

مہنگی بجلی بلز کی وجہ سے عوام کی زندگی اجیرن ہے، پسے ہوئے طبقات کو انتہائی نرم شرائط پر سولر پینل دیے جائیں

فیصل آباد (اے ایف پی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ معیشت کی ترقی کیلئے جامع اصلاحات ناگزیر ہیں۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ مہنگی بجلی بلز کی وجہ سے عوام کی زندگی اجیرن ہے، پسے ہوئے طبقات کو انتہائی نرم شرائط پر سولر پینل دیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی پالیسیاں بنائی جائیں جس سے عوام کو پھلنے پھولنے کا موقع ملے۔ فیصل آباد کے حلقہ این اے 97 میں سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر کی سیاسی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری، سیاسی ارکان اور علاقہ عمائدین سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری، کاروبار شروع کرنے کے مواقع میسر (بقیہ 27 صفحہ 5)

MAJOR CATEGORIES UNDER ADP 2023-24

------ پشاور: صوبائی وزیر تعلیم فیصل خان ترکئی کو محکمہ تعلیم ترقیاتی بجٹ بارے بریفنگ دی جا رہی ہے ------

یوم علی پر فول پروف سکیورٹی اقدامات کو یقینی بنایا جائے، آئی جی سندھ

ضلع ٹو ضلع، تھانہ ٹو تھانہ رابطہ فلیٹ عملی پر دوران سلیپ چیکنگ، چار ونگ اور سرچنگ پر خصوصی فوکس رکھا جائے

کراچی (اے ایف پی) انسپکٹر جنرل (آئی جی) سندھ غلام نبی میمن نے کہا ہے کہ حضرت علی کے یوم شہادت پر سندھ بھر میں فول پروف سکیورٹی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ اپنے بیان میں آئی جی سندھ غلام نبی میمن کا کہنا تھا کہ مجالس اور مرکزی جلوس کی گزرگاہوں پر سیکیورٹی کو مربوط اور موثر بنایا جائے، واچ ٹاورز اور بلند عمارتوں پر اسنائپرز کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی جلوس سے ملنے والے تمام راستوں (بقیہ 24 صفحہ 5)

ناخلف بیٹے نے بوڑھے باپ کو بے رحمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر گھر سے نکال دیا

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد، ناخلف بیٹے نے بوڑھے باپ کو بے رحمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر گھر سے نکال دیا، مرید والا پولیس نے ضعیف العمر باپ کی درخواست پر بیٹے ملزم غلام عباس کے خلاف مقدمہ (بقیہ 25 صفحہ 5)

اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 5 لڑکیوں کو بے آبرو کر دیا جبکہ دو خواتین کو اغواء کر لیا گیا

پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے مغویان کی بازیابی کے لئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 5 لڑکیوں کو بے آبرو کر دیا جبکہ دو خواتین کو اغواء کر لیا گیا، پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ تفصیل کے مطابق غنی ہاؤسنگ کی رہائشی عائشہ بی بی نے بتایا کہ اوباش ملزم نے دوستی بھگانے کا جھانسہ دیکر 2 لاکھ ہتھیا لئے اور اس کو زیادتی کا نشانہ بناتے ہوئے نازیبا ویڈیو بھی بنائی۔ عثمان ٹاؤن کی عابدہ پروین کو ملزم ذیشان نے نوکری کا جھانسہ دیکر بے آبرو کر دیا۔ تھوکا کالونی میں غلام مصطفی کی اہلیہ طلعت ٹاؤن کی شمیم بی بی اور 244 رب میں قمر عباس نے ذکیہ بی بی کو بے آبرو کر دیا، پروکا نوالہ کے آصف جاوید کی اہلیہ اور 4 سالہ بچے اور 195 گ ب کے انور کی عزیزہ کو ملزم کاشف نے اغواء کر لیا۔ پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے مغویان کی بازیابی (بقیہ 30 صفحہ 5)

ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا 88واں یوم پیدائش (آج) منایا جائیگا

اسلام آباد (یو این پی) محسن پاکستان پاکستانی ایٹم بم کے خالق ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا 88واں یوم پیدائش (آج) یکم اپریل بروز سوموار کو منایا جائیگا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان ہندوستان کے شہر بھوپال میں ایک اردو بولنے والے پشتون گھرانے میں یکم اپریل (بقیہ 29 صفحہ 5)

کراچی، بچوں میں خسرہ کیسز میں اضافہ، ہسپتالوں میں صورتحال سنگین

ہسپتالوں میں لائے جانے والے زیادہ تر بچوں کو ویکسین نہیں لگائی گئی، غذائی قلت کا شکار

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں گزشتہ چند دنوں سے گرم موسم کی وجہ سے خسرہ کے کیسز میں معمولی کمی کے باوجود انفیکشن اب تک باعث تشویش ہے، ہسپتالوں میں اب بھی وائرس انفیکشن کی علامات کے ساتھ مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ہسپتالوں میں لائے جانے والے زیادہ تر بچوں کو ویکسین نہیں لگائی گئی اور غذائی قلت کا شکار ہیں۔ نیا پیڈریاٹرک سندھ انفیکشن ڈیزیز ہسپتال اینڈ (بقیہ 28 صفحہ 5)

------ تخت بھائی: ایس پی ہیڈکوارٹر مردان رضوان حبیب کا کارکلامائنیشن کے حوالے سے کچہری تخت بھائی کا دورہ ------

SAVE GAZA FREE PALESTINE

------ لوئر دیر: سمارٹ سکول بلامبٹ کے طلباء فلسطین میں اسرائیلی مظالم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں ------

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت یکم اپریل عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

فیصل آباد (یو این پی) امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک بمطابق یکم اپریل عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا۔ یوم شہادت کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں کی مساجد میں منعقدہ تقریبات کے دوران علماء و خطیب حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دین اسلام کی آبیاری کیلئے پیش کی گئی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے جبکہ امام (بقیہ 31 صفحہ 5)

فیصل آباد، تھانہ ٹھیکریوالا پولیس نامی گرامی منشیات فروشوں کو پکڑنے سے گریزاں

معمولی قسم کے منشیات فروشوں کو پکڑ کر افسران کو سب اچھا کی رپورٹ دینے میں مصروف عمل

فیصل آباد (یو این پی) تھانہ ٹھیکریوالا پولیس نامی گرامی منشیات فروشوں کو پکڑنے سے گریزاں، معمولی قسم کے منشیات فروشوں کو پکڑ کر افسران کو سب اچھا کی رپورٹ دینے میں مصروف عمل۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ٹھیکریوالا پولیس نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور اپنے اعلیٰ افسران کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے تھانہ ٹھیکریوالا کے علاقہ سدھار، دھاندرہ، 224 چک، بائی پاس اور گرد و نواح میں نامی گرامی منشیات فروش سرعام دھندہ کر رہے ہیں لیکن پولیس ان کو پکڑنے سے گریزاں ہے اور معمولی قسم کے منشیات فروشوں کو پکڑ کر اپنے افسران کو سب اچھا کی رپورٹ دینے میں مصروف عمل دکھائی دیتے ہیں شہریوں رانا زاہد محمود، ندیم بھٹہ، محمد اسلم، ایڈووکیٹ علی محمد، فہد، رانا راشد علی اور دیگر کا کہنا ہے کہ پولیس اہلکار جرائم کو روکنے کے بجائے چھپانے کا سبب بن رہے (بقیہ 32 صفحہ 5)

الخدمت سیکڑوں بے روزگاروں کو بلاسود قرضے فراہم کر چکی ہے، نوید علی بیگ

بے روزگاروں کو چھوٹے کاروبار کیلئے 30 سے 75 ہزار روپے تک کے قرضے فراہم کیے جاتے ہیں

کراچی (یو این پی) چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی نوید علی بیگ نے کہا ہے کہ الخدمت "مواخات پروگرام" (Micro Finance) کے ذریعے بے روزگاروں کو ان کے پیروں پر کھڑا کرنے کیلئے کوشاں ہے اور اب تک سیکڑوں بے روزگاروں کو بلاسود قرضے فراہم کر چکی ہے۔ "مواخات پروگرام" کراچی سمیت ملک بھر جاری ہے۔ یہ بات انہوں گزشتہ روز اپنے ایک خصوصی بیان میں کہی۔ نوید علی بیگ نے کہا کہ الخدمت بے روزگاروں کو چھوٹے کاروبار کیلئے ابتدائی طور پر 30 ہزار سے 75 ہزار تک کے قرضے دیتی ہے، جبکہ رمضان المبارک میں چھوٹے کاروبار اور مڈل کلاس پر کاروبار میں اضافہ کیلئے 2 لاکھ قرضے بھی جاری کیے جاتے ہیں۔ یہ تمام قرضے بلاسود دیے جاتے ہیں جبکہ کراچی میں قائم تین الخدمت ایمپلائمنٹ سینٹرز میں (بقیہ 34 صفحہ 5)

خبردار! یکم اپریل کو دنیا بھر میں اپریل فول ڈے منایا جائے گا

فیصل آباد (یو این پی) خبردار! یکم اپریل کو دنیا بھر میں اپریل فول ڈے منایا جائے گا۔ کوئی آپ کو غلط اطلاع دے کر پریشان بھی کر سکتا ہے اس لیے محتاط رہیے۔ یکم اپریل کو دوستوں، عزیز رشتہ داروں اور پڑوسیوں کی جانب سے آنے والی کسی بھی اطلاع موبائل کال یا خبر پر یقین کرنے سے پہلے اس کی تحقیق کر لی جائے کیونکہ غیر سنجیدہ لوگوں کی جھوٹی حرکت سے آپ کو شرمندگی اور نقصان پہنچنے کا اندیشہ بھی ہے۔ (بقیہ 33 صفحہ 5)

STUDY IN:
AUSTRALIA
UK
IRELAND
CANADA
USA

1.Education Required
- Minimum Intermediate
2.English Proficiency
- Minimum IELTS 5.0/5.5 Band or PTE 35-42/43-50 Score
3. Courses Available
- Diploma, Advance Diploma, Undergraduate and Postgraduate
4. Documents Required For Admission
1. Updated Resume
2. Matric Certificate and Mark sheet
3. Intermediate Certificate and Mark sheet
4. Diploma/Bachelor/Master – If Any
5. Current Passport (Front and Back Page)
6. CNIC (Student)
7. Course Interested

SWAT GLOBAL CONSULTANTS (PVT.) LTD

More info
Call: [illegible]
Call us: [illegible]
Email: info@swatgc.com
www.swatgc.com

Address:
Papa Plaza Haji Baba Chowk,
Mingora Swat

چیف ایڈیٹر/پرنٹر و پبلشر روزنامہ شمال سوات غلام فاروق نے شمال پرنٹنگ پریس سوات مینگورہ سے چھپوا کر شمال بلڈنگ حاجی بابا چوک سے شائع کیا thedailyshamalswat@gmail.com — shamalswat@yahoo.com ای میل: 0946-700452 فیکس: 0946-713700-711788 فون: